آسیبی قوتوں سے نجات

مُصنف

عامل حکیم غُلام سرور شباب ماہر علوم مخفیہ

ادارہ فیضانِ روحانیہ پاکستان ®
محلہ اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ فون: 04442-74734
E-mail: khizarnuma@yahoo.com

ارواح خبیثہ، جنات، بھوت، پریت کی شر فشانیوں سے تحفظ اور تمام تر
آسیبی امراض کے شافی علاج پر لاجواب و بےمثال شہرہ آفاق تصنیف

آسیبی قوتوں سے نجات

تصنیف و تالیف

حکیم غلام سرور شباب ماہر علوم مخفیہ

مصنف
ردِ سحر حصہ اول ۔ ردِ سحر حصہ دوم ۔ ردِ سحر حصہ سوم ۔ چھو منتر
آسیبی قوتوں سے نجات ۔ فیضان القرآن ۔ مصباح الارواح

ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان رجسٹرڈ
محلہ اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ

Ghulam Yaseen

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب ______ آسیبی قوتوں سے نجات

مصنف ______ عامل حکیم غلام سرور شباب ماہر علوم مخفی

تزئین کتابت ______ کاتب: بشیر احمد قمر، شادی کاہ ڈسٹرکٹ منڈی بہاؤالدین

سنِ اشاعت ______ جنوری ١٩٩٧ء

صفحات ______ ١٦٠

تعداد ______ ایک ہزار

سائز ______ ٢٣×٣٦/١٦

مطبع ______ اکبر امین پرنٹر ایک روڈ لاہور

قیمت ______ 100 روپے صرف

بار دوئم ایک ہزار اگست ١٩٩٩ء

بار سوم ---------- ایک ہزار اگست 2004

"ادارہ فیضانِ روحانیہ پاکستان" کی ممبر شپ اختیار کرنا درحقیقت مخفی و روحانی علوم و فنون کی اشاعت میں مدد دینا ہے۔

ISBN NO- 969-8292-01-2

فہرست مضامین

Ghulam Yaseen

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ اکبر

حرفِ اول

مجھے بڑی بوڑھیوں کی نصیحت اب تک یاد ہے۔ وہ بچیوں کو منع کرتی تھیں۔ کہ شام کو چھت پر بال کھول کر نہ جائیں۔ دوپہر کو درخت کے نیچے نہ بیٹھیں۔ اور ویرانے میں رفع حاجت کے لیئے نہ جائیں۔ بزرگوں کی باتوں میں کوئی نہ کوئی حقیقت ضرور ہوتی ہے۔ جن، بھوت، پریت، آسیب اور ارواح خبیثہ اور اس نوع کی دیگر بے شمار قوتیں انسانی ذہن پر قبضہ کر کے اسے مختلف ذہنی اور جسمانی بیماریوں میں مبتلا کر دیتی ہیں۔ کسی ماورائی طاقت کا دماغ پر کنٹرول کر لینا بعید از قیاس نہیں۔ دماغ سے خارج ہونیوالی لہریں "ایک خاص ویولینتھ" پر، کسی شر کی قوت کے زیر اثر آجائیں تو اس میں کیمیاوی تبدیلیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ روحانیت کے ماہرین چلّے کشی سے دماغ کی لہروں کو ایک خاص نقطے پر مرتکز کر کے اس سے حیرت انگیز کام لیتے ہیں۔ آسیبی قوتوں کو سائنسی لیبارٹری میں نہیں دیکھا جا سکتا۔ قدرت کاملہ نے انسانی آنکھ کو اس زاویہ سے بنایا ہی نہیں کہ یہ جنوں کو دیکھ سکے۔ جنوں کی شکل و صورت لہروں کی جس فریکوئنسی سے بنی ہے۔ وہ انسان کی دیکھنے کی قدرت سے باہر ہے۔ البتہ بعض لوگ مراقبوں اور خاص چلّوں اور مخصوص ریاضتوں سے اپنے اندر یہ صلاحیت پیدا کر لیتے ہیں۔ کہ وہ ان دیکھی چیزوں سے رابطہ پیدا کر سکیں۔

ماہرین نے انسانی ذہن کو شعور- تحت الشعور اور لاشعور میں تقسیم کیا ہے۔ تمام تر آسیبی قوتیں نہ صرف انسانی دل و دماغ کو متاثر کرتی ہیں۔ بلکہ تحت الشعور اور لاشعور پر قبضہ کر کے انسان کو مختلف ذہنی اور جسمانی بیماریوں میں مبتلا کر دیتی ہیں۔ بحیثیت مسلمان ہم جنوں کے وجود سے انکار نہیں کر سکتے۔ قرآن حکیم میں ان کا باقاعدہ ذکر ہے۔ یہ مخلوق آگ سے تخلیق کی گئی ہے۔ اور شکل و صورت بدلنے پر قدرت رکھتی ہے۔ جنات میں مومن بھی ہوتے ہیں۔ اور شیطان بھی ——— ان میں ہر قسم کے مذاہب رکھنے والے موجود ہیں

آسیب، ہوائی چیزیں، بدروحیں وغیرہ جنوں ہی کی مختلف اقسام ہیں۔ سفلی علوم کے ماہرین جنوں اور بدارواح کو چلّہ کشی اور کالے علم کی ریاضت سے قابو کر لیتے ہیں۔ قرآن حکیم میں درج ہے کہ جنات حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت پر مامور تھے۔ اس لیئے مومن جنوں کو تابع کر کے ان سے کئی منفعت بخش کام لیئے جا سکتے ہیں۔ اب پوری دنیا میں بیماریوں کے علاج اور دیگر کاموں کے لیئے لوگ روحانیات کیطرف مائل ہو رہے ہیں۔ اور یہ رجحان اس لحاظ سے بے بنیاد بھی نہیں کہ امریکہ اور یورپ میں روحانی تجربات کے سلسلے میں لیبارٹریز کام کر رہی ہیں۔ جہاں بڑے بڑے سائنسدان، صوفی، پروفیسر اور عامل حضرات مصروف کار ہیں۔ ریڈیانکس سائنس وجود میں آچکی ہے۔ دنیا کی ہر چیز چاہیئے یہ جاندار ہو یا بے جان لہروں کو خارج اور جذب کرتی ہے۔ ہر چیز کی فریکوئنسی مختلف ہے۔ برطانیہ میں گزشتہ ربع صدی سے مریض اور دوا کی لہروں کے درمیان موافقت تلاش کر کے علاج کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح نادیدہ قوتوں یعنی جنات و شیاطین کی فریکوئنسی کے مطابق ان پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ جن، بھوتوں اور آسیب کا سلسلہ صرف برصغیر پاک و ہند میں ہی نہیں۔ بلکہ

Ghulam Yaseen

امریکہ اور یورپ میں تو بھوتوں کی تصاویر اتارنے کے دعوے کیئے جا رہے ہیں۔ آسیب زدہ گھروں کی داستانیں عام ہیں۔ یورپ اور امریکہ میں اب روحانیات کو بہت زیادہ اہمیت دی جا رہی ہے۔ اور سائنس نے اس کو شجر ممنوعہ سمجھنے کی بجائے قبول کر لیا ہے۔ اب دونوں شعبوں کے تعاون سے حیرت انگیز کام لیئے جا رہے ہیں۔ دکھوں کے ستاتے ہوئے لوگ روحانیت کیطرف مائل ہو رہے ہیں۔ روحانی قوتوں کو بروئے کار لانا، روحانی اعمال تیار کرنا، تکالیف اور امراض کے ازالہ کے لیئے تعویزات، بخورات، دم جھاڑ، پھونک کا نظریہ اتنا ہی قدیم ہے جتنا خود حضرتِ انسان ——

آج سائنٹیفک ریسرچ اور ایجادات کا دور ہے۔ جہاں کافی لوگ روحانیات اور روحانی علوم کے خلاف ہیں۔ وہاں بے شمار لوگ ایسے ہیں جو ان کو تسلیم کرتے ہیں۔ اور ان سے کام لیتے ہیں۔ میں اپنے وسیع تجربات کی بنا پر کہتا ہوں کہ زمانہ قدیم کے انسان اور عصرِ حاضر کے مہذب لوگوں میں روحانی قوتوں کو تسلیم کرنے کی جو نسبت پہلے تھی۔ وہ اب بھی موجود ہے۔ آسیب ارواحِ خبیثہ اور اس نوع کی دیگر بے شمار قوتیں انسانی ذہن پر قبضہ کر کے اسے مختلف ذہنی اور جسمانی بیماریوں میں مبتلا کر دیتی ہیں۔ روحانی معالجین اور عاملین اپنے مخصوص اعمال تعویزات، بخورات، دم اور جھاڑ پھونک کے ذریعے مریض کے بدن میں مخفی روحانی شعاعیں داخل کر کے اسے بیماری سے نجات دلاتے ہیں۔ اس مختصر کتاب میں نادیدہ آسیبی قوتوں سے نجات کے مستند طریق درج ہیں۔ جو آپ کو خضرِ راہ کا کام دیں گے۔ کتاب کی تیاری کے سلسلہ میں قدیم اساتذہ عظام کی کتب سے استفادہ کیا۔ بیشتر اعمال اپنے برسوں کے تجربہ کی میزان پر جو پورے اترتے ہیں انھیں شامل کیا گیا ہے

برادرِ محترم اجناب منظور احمد صاحب ٹوبہ ٹیک سنگھ خصوصی شکریہ کے مستحق ہیں۔ جنہوں نے مسودہ کی تیاری میں علمی مشورے دیئے اور میرے معاون بنے!!

اس سے قبل راقم کی ایک کتاب "ردِ سحر" مقبول عام ہو چکی ہے۔ میں ان تمام قارئین کا شکر گزار ہوں جنہوں نے "ردِ سحر" کو بے حد پسند فرمایا۔ اور ان احباب کا بھی ممنون ہوں۔ جنہوں نے "ردِ سحر" کے مطالعہ کے بعد جملہ اعمال کے قوی الاثر ہونے کی تصدیق فرمائی۔ اور قیمتی مشوروں سے نوازہ۔ میں نے اپنے علم و فہم کے مطابق اس میں کوئی سقم نہیں چھوڑا۔ پھر بھی انسان غلطی کا پتلا ہے۔ اہل علم احباب سے گذارش ہے اگر کہیں غلطی پائیں تو برائے کرم آگاہ فرمائیں۔ تاکہ آئندہ ایڈیشن میں ازالہ کیا جا سکے۔ خدائے قدوس ذوالجلال والاکرام کی درگاہِ اقدس میں دست بستہ عرض گزار ہوں کہ اے رب العالمین! میری ان حقیر کوششوں کو خاص و عام کے لیئے نافع بنا دے۔ آمین۔

○

خاکپائے درویشاں و اولیاء اللہ

غلام سرور شباب

عفی عنہ

Ghulam Yaseen

تقریظ

لاکھوں لوگ جنات کے قائل اور بہت سے ان کے وجود سے انکاری ہیں۔ جو انکار کرتے ہیں وہ اپنے دعویٰ کی بہت سی تاویلیں پیش کرتے ہیں۔ مگر قرآن مجید فرقان حمید اور احادیث نبوی کے مجموعہ میں اسے ایک الگ مخلوق بیان کیا گیا ہے۔ ان میں مسلم و غیر مسلم، شریف و شریر، ہر قسم کے جنات ہیں۔ اکثر خواتین و حضرات محض ڈھونگ رچا کر یہ مشہور کر دیتے ہیں۔ کہ وہ ان کے زیر اثر ہیں۔ لیکن بعض واقعی ان کے زیر اثر ہوتے ہیں۔ کیونکہ حقیقت سے آنکھیں نہیں چرائی جا سکتیں۔ واقعی کوئی فرد انکی گرفت میں ہے۔ یہ پہچان کوئی صاحب علم ہی کر سکتا ہے۔ جب یہ تصدیق ہو جائے کہ واقعی جنات پریشان کر رہے ہیں۔ تو پھر ان سے چھٹکارا حاصل کرنا آسان اور سہل ہو جاتا ہے۔

پنجاب کے مردم خیز خطہ ضلع اوکاڑہ کے ایک تاریخی شہر حویلی لکھا کو یہ شرف حاصل ہے کہ "ردِ سحر" اور جنات و آسیب، خلل آسیب اور آسیبی امراض جیسے اہم اور نازک موضوع پر قلم اٹھانے کا فخر اسکے ایک صاحب علم اور نامور فرزند جسے عرف عام میں لوگ عامل حکیم غلام سرور شباب کے نام سے جانتے ہیں کو ہے۔ فاضل مصنف نے اس مخلوق کی تفصیل گروہ بندی نقصانات گنوانے کے ساتھ ساتھ آسیبی ضرر رسانیوں اور آسیبی امراض کے علاج پر اپنے برسوں کے تجربات و مجربات، معمولات اور بزرگوں کے جامع قواعد کو "آسیبی قوتوں سے نجات" کتاب میں تحریر کر کے دریا کو کوزہ میں بند کر دیا ہے۔ میرے دل سے حکیم موصوف کیلئے بے اختیار دعا نکلتی ہے۔

اللہ کرے زور قلم اور زیادہ

عامل شاہ الیاس سلیمی منجم و جفار

بورے والا۔ ضلع وہاڑی

نوائے سروش

کل رات آ کے مجھ سے کہا جبرائیل نے — واللہ بیاں ہوں کرتا حقیقت میں خواب کی

لگتی ہے آسمانی صحیفہ مجھے تو یہ! — آسیبی قوتوں سے نجات" سرور شباب کی

مطلق نہیں نمود و نمائش کی آرزو — چادر اتارنی ہے علم سے حجاب کی

نوعِ بشر کی رشد و ہدایت کیواسطے — یزداں کو بھی پڑی ہے ضرورت کتاب کی

آئے ہیں کتنے مرسل و اقطاب دہر میں — کرتے رہے جو پند گناہ و ثواب کی۔

اس عہد پر فتن و پر آشوب میں عمر — مقصود بہتری ہے۔ جہانِ خراب کی۔

زورِ قلم بھی ہے مگر اسلوب فن کیساتھ — راوی کا جوش لہروں میں مستی چناب کی

چشم و چراغ غازی محمد حسین رحمۃ اللہ کا — صوفی اسلم سلیمی بن گئے تار التہاب کی

عبدالرشید اور فقیر غلام رسول بھی — انسان کے روپ میں ہیں کرن ماہتاب کی

عامل حکیم پیکرِ حسن عمل بھی ہے — کیجیئے قصیدہ گوئی کیا درِ نایاب کی۔

پیشہ معلّمی ہے مگر طالب علم ہے — ہر لحظہ دھن سوار ہے بس اکتساب کی

ہر سمت واہ واہ کا یہ کیسا شور ہے — سب داد دے رہے ہیں میرے انتخاب کی

اوتاد ہے یا کوئی فرشتہ میں کیا کہوں — اترا فلک سے شکل میں سرور شباب کی۔

آفات ارضی ہو یا سماوی پئے آزار — گردش ہو یا کسی پہ ماہ و آفتاب کی

جادو کسی پہ لاکھ ہو بنگال و مصر کا — طاری ہو خواہ آخری منزل عتاب کی۔

تقدیر کا یا دل کا ہو مارا ہوا کوئی — نظرِ کرم یا جس پہ رہی ہو حجاب کی

مردم گزیدہ ہو کہ حالات کا شکار — جسکی مثال ہو کسی ٹوٹے رباب کی

بیمار ہو ازل کا مرض لا دوا کہیں — کوتاہیوں نے زندگی جسکی عذاب کی

ڈھانچہ جو ہڈیوں کا ہوا سوکھ سوکھ کر — دیکھی نہ جائے سیخ پہ حالت کباب کی

لِلّٰہ علاج اس کا "ردِ سحر" ہے کر
کلمہ زباں پہ ہے یہی ہر شیخ و شاب کی
شاید نہ آئے تجھ کو میری بات کا یقین
دامن نہ چھوڑ رحمتِ پروردگار کا
جس پر پڑا ہو سایہ پری یا چڑیل کا
بھیروں، گدِ جیلے، ڈائنیں، کلوا یا جوگنی
ہمزاد کیا سندونیاں، انکا، کیا ہومان
بدروحیں، ڈاکنی یا جنات و بھوت نے
لونا چماری، کالکاں، جگمبہ، دلوئی دیو
ان پر کسی عمل کو ذرا آزما کے دیکھ
رکھتے ہی جیسے آگ پہ ہو جاتا ہے فرار
مانگیں گے شیاطیں تیرے نام سے پناہ
آسیبی قوتوں سے مکمل نجات ہو
کہتے ہیں بات کرنے کی تجھ کو عقل نہ تھی
مجھ نا خلف پہ تہمتِ علم و ہنر نہ رکھ
اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ
جو بھی خدا سے مانگا طفیلِ نبی ملا
خونِ جگر میں اپنے ڈبو کے قلم لکھے
مہکی ہے جب سے فکر و تخیل کی چاندنی

بنتی ہے دیکھ بات پھر کیسے جناب کی
"ردِ سحر، ردِ سحر" ہر شباب کی
اِک بار چل کے دیکھ ڈگر بوتراب کی.
دیتا ہوں میں نوید تجھے انقلاب کی
جسکی مرض سمجھ میں نہ آئے جناب کی
اس بزم میں مجال کسے پیچ و تاب کی
سب ہیں نوائے سیس یاں ادب و آداب کی
ہمت نہیں کسی میں سوال و جواب کی
جھپٹے گا ان پہ دم تیرا صورتِ عقاب کی
آئیں گے نہ دوبارہ یہ مانند حباب کی
جل جائیں گے پلک میں صورت سیماب کی
محنت اٹھا کے دیکھ زکات و نصاب کی.
حالت نہ کوئی باقی رہے اضطراب کی.
پائی کہاں سے پھر یہ ذہانت خطاب کی.
یہ سب عطا رہے شانِ وَدُود وہاب کی
ذُو الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ بِغَیْرِ حِسَاب کی
ربّ العُلیٰ نے میری دعا مستجاب کی
لفظوں سے کیوں نہ آئے پھر خوشبو گلاب کی
رُو میں ہے رخشِ عمر تیرے انتساب کی.

عامل حکیم محمد عمر حیات پیرزادہ سجادہ نشین بابا پیر گوارہ
موضع امروکا ڈاکخانہ خاص تحصیل و
ضلع بہاولنگر

اے جہان والو!! سنو؟

محترم جناب عامل حکیم غلام سرور شباب ماہرِ علومِ مخفی کو لفظوں کی سنگ تراشی کا ہنر کیا ہاتھ آگیا ہے؟ کہ ایک پہلو قرار نہیں ہے. کبھی لفظوں کی مالا بنا کر مضامین لکھتے ہیں. اور کبھی لفظوں کے جزیرے تلاش کر کے انہیں "آسیبی قوتوں سے نجات"، کا پیرہن پہنا کر بازارِ مصر میں حُسن کے خریداروں کے بیچ لا کھڑا کرتے ہیں. اور پھر نعرۂ مستانہ لگاتے ہیں کہ ــــ اے جہان والو سنو!! کھلی سماعتوں کھلے ذہنوں کے دریچے کھول کر میری آواز کو سنو!! یہ گوہرِ مقصود حاصل کر لو. تمہارے کام آئے گا. تمہاری نسلوں کے کام آئے گا. تمہاری بے رونق زندگی کے کالے اندھیرے چھٹ جائیں گے. اور خوش بختیوں کے دیپک جل اٹھیں گے. تمہارے آنسو موتی بن جائیں گے. تمہاری دعائیں مقبول ہو جائیں گی. اور یہ حق ہے کہ ــــ حکیم موصوف کی کتاب "آسیبی قوتوں سے نجات" ایک ایسا جوہر پارہ ہے جس کی قدر بعد از مطالعہ معلوم ہو گی. اس کتاب میں دکھوں کے سمندر سے نکلنے کا راستہ دکھایا گیا ہے. نامعلوم آسیبی قوتوں کے جال سے نکلنے کی ترکیب بتائی گئی ہے. یہ ایک ایسا تحفہ ہے. جو نسل در نسل کام آئیگا. زندگی کی کائنات میں روشنیوں کے ہزار ہا سورج طلوع ہو جائیں گے. اور کالے گھنگھور اندھیرے دبے پاؤں گزر جائیں گے. خداوند کریم سے دُعا گو ہوں کہ فاضل مصنف کو اپنی پناہ میں رکھے. حضور نبی کریم کی کالی کملی میں چھپائے رکھے. اور آلِ رسول کے دامن میں جگہ دے. اور اس کتاب کو شہرتِ دوام بخشے آمین. ثم آمین.

طارق سلیمی کراچی

عقیدت کے پھول

ابھی "ردِ سحر" کو بازار میں آئے چند ہی ماہ ہوتے ہیں کہ عامل حکیم غلام سرور شباب ماہرِ علوم مخفی کی ایک اور لاثانی تصنیف "آسیبی قوتوں سے نجات" منظرِ عام پر آرہی ہے. یہ سب حکیم موصوف کی ذات پر حق تعالیٰ کی خاص نظرِ کرم کیوجہ سے ہے. اتنی کم مدت میں کتاب کا منظرِ عام پر آنا یقیناً کسی کرشمے سے کم نہیں ہے. وقت کی کمی اور دیگر مصروفیات کے باوجود میں نے خود دیکھا ہے کہ حکیم موصوف مدظلہٗ دن رات عوام کی خدمت میں مصروف ہیں. وہ کبھی آئینہ قسمت کے ذریعے عوام کی خدمت کرتے ہیں. اور کبھی فلکیات کے ذریعے مگر پھر بھی دل کی تشفی نہیں ہو پاتی. تو ان کا یہی جذبہ انہیں کبھی "ردِ سحر" لکھنے پر مجبور کرتا ہے. اور کبھی "آسیبی قوتوں سے نجات" میں ان کے اس بے لوث اور پُرخلوص جذبہ کو سلام پیش کرتا ہوں. میں نے اس کتاب کے مسودہ کو عمیق نظر سے پڑھا ہے آپکو تو کتاب دیکھنے پر ہی معلوم ہو گا. کہ اس میں کسقدر قیمتی دُرِ نایاب پنہاں ہیں.

حکیم موصوف اس لاثانی تصنیف پر یقیناً مبارک باد کے مستحق ہیں. اور امید واثق ہے کہ آپ بھی میری طرح ان کی اس کاوش کو داد دیئے بغیر نہ رہ سکیں گے. ؏

رحمتِ حق کی برستی ہوئی برسات دیکھی — سرور کی "آسیبی قوتوں سے نجات" دیکھی
عملیاتِ آسیب، بھوت، چڑیل و پری — پرانِ سے آسیبی قوتوں سے نجات دیکھی
کبھی "ردِ سحر" کبھی آسیبی قوتوں سے نجات — قلمِ سرور سے کتابوں کی بارات دیکھی

آسیبی، سحری اور جناتی مریضوں کو ندیم
ادارہ فیضان سے ملتی ہوئی نجات دیکھی

عامل میاں عبدالرزاق ندیم آف جاسلپور ضلع بہاولپور

قطعہ

◎

یہ جو کتاب ہے سرورِ شباب کی ساقی
بیاں ہوں کیا میرے نوکِ قلم سے اس کی صفات
خلوصِ دل سے جو پڑھکر کریگا اس پہ عمل
ضرور پائے گا آسیبی قوتوں سے نجات

◎

ساقی گجراتی
—— گجرات

اظہار تشکر

میں نے اپنے تمام مشفق و مہربان احباب اور تلامذہ کا صمیم قلب سے سپاس گذار ہوں۔ جنہوں نے ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان کی باقاعدہ ممبر شپ اختیار کی۔ اور روحانی علوم کی اشاعت میں میرے ساتھ شامل ہوئے۔

تلامذہ معاونین

۱۔ جناب صوفی محمد اسلم جعفری حویلی لکھا
۲۔ جناب محمد انور ندیم حویلی لکھا۔
۳۔ جناب غلام مصطفی لوگیروی حویلی لکھا
۴۔ جناب محمد نذیر احمد بریت موضع بریت
۵۔ جناب نذیر مسیح گل حویلی لکھا۔
۶۔ جناب محمد شہزاد جیلانی اوکاڑہ کینٹ
۷۔ جناب ناصر خان کوئٹہ
۸۔ جناب محمد عتیق کوئٹہ
۹۔ جناب محمد مسعود خان گوجرخان راولپنڈی
۱۰۔ جناب سید غضنفر عباس نقوی چٹیانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ
۱۱۔ جناب میاں بشیر احمد انجنیئر کھیوڑہ
۱۲۔ جناب حکیم سید جندن شاہ بخاری بہاولپور
۱۳۔ جناب محمد سلیم بٹ لاہور
۱۴۔ جناب سلطان احمد خان قادری کراچی
۱۵۔ جناب الحوام امتیاز ارشاد احمد خان عباسی فتح گڑھ بہاولنگر
۱۶۔ جناب سید خالد محمود مظہر سینگورہ سوات
۱۷۔ جناب صوفی محمد علیخان صابری راس الخیمہ یو۔اے۔ای
۱۸۔ جناب محمد نعیم بابر راس الخیمہ یو۔اے۔ای۔
۱۹۔ جناب خنر رشید احمد خان لندن انگلینڈ
۲۰۔ ارشاد احمد ستی شارک بلوچستان۔
۲۱۔ جناب عظمت اللہ سندھوالہ سیالکوٹ
۲۲۔ جناب حافظ محمد طاہر عابد حویلی لکھا۔
۲۳۔ جناب ملک محمد حنیف اعوان ڈائریکٹر راوی ٹریولز کمپنی لاہور۔
۲۴۔ جناب محمد جمیل دوبئی یو۔ اے۔ ای
۲۵۔ جناب شکیل محمود بریڈفورڈ انگلینڈ۔
۲۶۔ جناب محمد سعادت آف برنالہ شیخوپورہ
۲۷۔

انتباہ

آسیب زدہ مریضوں کا علاج کرنے والے عاملین، حکماء افسوں گروں اور روحانی معالجوں سے دیوان، پریاں، چڑیلوں، بدروحوں اور جنات کی مخالفت رہتی ہے۔ اور ہر وقت ارواح خبیثہ تلاش میں رہتی ہیں۔ کہ وہ کسی لمحے عامل کو سخت نقصان اور تکلیف پہنچائیں۔ جو لوگ آسیب اور جنات زدہ مریضوں کا علاج کرنا چاہیں ان کیلئے ضروری ہے کہ وہ کسی ماہر عامل کی زیر نگرانی اس فن کو باقاعدہ سیکھ کر عملی تجربہ حاصل کریں۔ آسیب زدہ کا علاج شروع کرنے سے قبل اپنا اور مریض کا حصار ضرور کرنا چاہیئے۔

غفلت کی صورت میں عامل خود بُری طرح آسیب و بلیات کے ایسے چنگل میں پھنس جائیگا۔ کہ عمر بھر پریشان رہیگا۔ اساتذہ سے راہنمائی اور اجازت حاصل کر لینے کے بعد طالب رجعت سے محفوظ رہتا ہے۔ اور بے استاد ہمیشہ ناکام و نامراد رہتا ہے۔

خاکسار: عامل حکیم غلام سرور شباب
ماہر علوم مخفی

Ghulam Yaseen

ارشادِ باری تعالیٰ

وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ۵

اور جنوں کو (انسان سے) بھی پہلے ہم نے دہکتی ہوئی آگ سے پیدا کیا تھا۔ (الحجر: ۲۷)

ارشادِ نبویؐ

کہ جب رات کا اندھیرا چھا جائے تو اپنے بچوں کو باہر نہ نکلنے دو۔ اس وقت شیاطین کے گروہ بازاروں اور چوکوں میں پھرتے ہیں۔ اور بچوں پر انکا اثر ہو جاتا ہے۔ اور فرمایا کہ جب رات کا ایک حصّہ گزر جائے تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھکر گھر کے آنے جانیکا دروازہ بند کردو۔ اور جو برتن کھانے پینے کے ہیں۔ ان کو کھلا نہ رہنے دو۔ ڈھانک دو۔ اور چراغ بھی بجھا دو (رات کا بڑا حصّہ گزر جانے پر) اور گھر کا دروازہ آنے جانے کا تو بعد نماز عشاء ہی بند کردو۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ شیاطین بند دروازہ نہیں کھول سکتے۔ رات کی تاریکی میں جس گھر کا دروازہ کھلا ہوتا ہے اسمیں شیاطین گھس آتے ہیں۔ اگر آپ کے گھر میں کسی پلید روح کا اثر ہے اکثر گھر میں بیماری رہتی ہے۔ بچے علیل رہتے ہیں۔ تو حضور علیہ السلام کے فرمان پر عمل کرو۔ تمہارے گھروں میں برکت ہوگی اور پلید روحوں کا اثر جاتا رہیگا۔

Ghulam Yaseen

باب اوّل

عامل

عامل کو اپنی ذات سے متعلق حسب ذیل ہدایات کا پابند ہونا ضروری ہے،

۱۔ عامل کیلئے ضروری ہے کہ آسیب زدہ کے علاج سے قبل جنّات کے اوصاف سے واقف ہو۔

۲۔ دوران عمل میں طہارت کاملہ پر رہے۔

۳۔ جتنے دن علاج کرے کچا پیاز، لہسن اور ہر بدبودار چیز نہ کھائے۔

۴۔ اپنے دل میں یقین کامل رکھے۔ کہ خدا تعالیٰ نے آیات قرآنیہ میں بڑے بڑے اسرار ودیعت رکھے ہیں۔ اور بزرگوں کے طریق اعمال میں قوی اثرات ہیں۔

۵۔ اپنے نفس سے خدا تعالیٰ کی نافرمانی نہ کرے۔

۶۔ کسی درخت کے نیچے بیٹھ کر غسل نہ کرے۔

۷۔ رات کو گھر سے دور ویرانوں میں نہ جائے۔ اور جنّات و شیاطین کے شر سے اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگتا رہے۔

۸۔ تشخیص امراض کے اعمال کی زکات ادا کرے، ان سورتوں کی روزانہ بلاناغہ تلاوت کرے۔ جن سے تشخیص کے اعمال ترتیب دیئے گئے ہیں۔ اور جن سے علاج معالجہ کے اعمال ترتیب ہیں۔

۹۔ اپنی حفاظت سے کبھی غافل نہ رہے۔ کیونکہ آسیبی امراض کے معالج کو آسیبی قوتیں اپنا دشمن سمجھتی ہیں۔ اور ہمیشہ نقصان پہنچانے کے درپے رہتی ہیں

۱۰۔ عامل کے پاس حفاظت نامہ ضرور ہونا چاہیئے۔ کیونکہ یہ حجاب عامل کو عفریت سے محفوظ رکھے گا۔ اور تمام تر آسیبی وجناتی قوتیں اس پر حملہ نہ کر سکیں گی۔

۱۱۔ کم ہمت اور بزدل آدمی آسیبی امراض کے علاج میں ناکام رہتا ہے اس لئے عامل کو باہمت اور بہادر ہونا چاہیئے۔

۱۲۔ روحانی علوم وفنون ایک باقاعدہ علم وفن ہے۔ جو حضرات اسے عمومی اور سطحی علم وفن سمجھتے ہیں۔ اور اس علم وفن کے اساتذہ کرام سے کسی طرح کی کوئی رہنمائی حاصل کیئے بغیر عملیاتی اصول وضوابط کی پابندی کیئے بغیر خود ہی اپنے وضع کردہ اصولوں پر عمل کرتے ہیں۔ ناکامی ان کا مقدر بن کر رہ جاتی ہے۔ ایسے ہی لوگ عملیات اور روحانی علوم وفنون کے حقائق واسرار سے بدظن ہوتے ہیں۔ انہیں چاہیئے کہ باقاعدہ اس فن کے اساتذہ سے تلامذہ حاصل کرکے ان علوم پر عبور حاصل کریں۔ بصورت دیگر ضیاع وقت اور ناکامی کے سوا کچھ بھی ہاتھ نہ لگے گا۔

نقشہ ساعات دن

(طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک)

ہر دن کا پہلا ستارہ اس دن کا بادشاہ ہوتا ہے۔ باقی ستارے اس کے ماتحت ہوتے ہیں۔

دن	پہلی ساعت	دوسری ساعت	تیسری ساعت	چوتھی ساعت	پانچویں ساعت	چھٹی ساعت	ساتویں ساعت	آٹھویں ساعت	نویں ساعت	دسویں ساعت	گیارہویں ساعت	بارہویں ساعت
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد

نقشہ ساعات شب

(غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک)

ہر رات کا پہلا ستارہ اس رات کا بادشاہ ہوتا ہے باقی ستارے اس کے ماتحت ہوتے ہیں۔

شب	پہلی ساعت	دوسری ساعت	تیسری ساعت	چوتھی ساعت	پانچویں ساعت	چھٹی ساعت	ساتویں ساعت	آٹھویں ساعت	نویں ساعت	دسویں ساعت	گیارہویں ساعت	بارہویں ساعت
جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
ہفتہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
اتوار	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
پیر	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
منگل	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
بدھ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
جمعرات	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل

اصول وضوابط برائے آسیبی علاج

آسیبی امراض کا علاج کرنے والے روحانی معالج کیلئے ضروری ہے کہ وہ ان امور سے واقفیت رکھے!!

۱۔ عمل کی جگہ پاک وصاف ہونی چاہیئے۔

۲۔ عمل کی جگہ کوئی حائضہ عورت نہ بیٹھنے دی جائے۔

۳۔ آسیب زدہ کے علاج کے وقت وہاں لوگوں کا ہجوم نہیں ہونا چاہیئے۔

۴۔ مجلس میں شکی مزاج اور باتونی خواتین وحضرات کو نہ بیٹھنے دیا جائے۔

۵۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں۔ کہ اگر رات کے جنات میں سے آسیب ہو تو رات کے وقت علاج کیا جائے۔ اور اگر دن والوں میں سے ہو تو دن کو عمل کیا جائے۔

۶۔ جن اعمال میں کسی خاص دن اور ساعت میں علاج کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔ ویسے ہی کرنا چاہیئے۔ کیونکہ مخصوص ساعت وایّام میں عامل آسیب پر حاوی ہوتا ہے۔ اور آسیب عاجز ہوتا ہے۔

۷۔ حاضراتِ آسیب کے وقت مریض کے گلے یا بازو میں کوئی تعویذ نہیں ہونا چاہیئے۔

۸۔ عمل کے وقت بخور روشن کرنا چاہیئے۔

۹۔ عمل چھت دار مکان میں کرنا چاہیئے۔

۱۰۔ مریض کو عامل کے سامنے بیٹھنا چاہیئے۔ اور اگر مریض عورت ہے

تو عورت ہی اس کو عامل کے سامنے بٹھائے اور اگر مریض مرد ہے۔ تو مرد ہی بٹھائے۔

۱۱۔ اگر مریض مرد ہو تو عمل کے دوران اس کے پاس کوئی عورت نہ ہونی چاہیئے۔ اور اگر عورت ہو تو اس کے پاس زیادہ مرد نہ ہونے چاہئیں۔

۱۲۔ اگر مریض عورت ہو تو اس کے شوہر کو دورانِ عمل میں بیوی کے قریب نہ جانا چاہیئے۔ حتیٰ کہ ایک بستر پر لیٹنا بھی منع ہے

۱۳۔ مریض کو کھلی جگہ ہرگز غسل نہ کرنے دیا جائے۔

۱۴۔ مریض یا مریضہ کو دورانِ علاج موٹے کپڑے نہ پہننے دیئے جائیں۔

۱۵۔ مریض / مریضہ پر آسیب کی حاضرات کرتے وقت اگر اس کے پاس پہلے سے کوئی تعویذ ہو تو اسے بدن مریض سے الگ کر دینا چاہیئے۔

۱۶۔ آسیب زدہ کے علاج کے دوران اسے میٹھی چیزیں زیادہ کھانے کو دی جائیں۔ اور نمکین چیزیں بالکل بند کر دینی چاہیئے۔ یا کم سے کم دی جائیں۔ شہد خالص روزانہ ایک چمچہ چائے والا صبح وشام ضرور کھلایا جائے۔

Ghulam Yaseen

جنّ

اہل عرب از روئے لغت جن ہر اس چیز کو کہتے ہیں۔ جو نظر نہ آسکے۔ فرشتے بھی ہمیں نظر نہیں آتے۔ اس لیئے اہل عرب فرشتوں کو بھی جن کہتے ہیں۔ بہشت بھی ہماری نظروں سے پوشیدہ ہے۔ اس لیئے لغت عرب میں بہشت کا نام جنت ہے۔

جن کے اصطلاحی معنیٰ

لیکن جن اصطلاح کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کی اس مخلوق کا نام ہے جسکو قدرت نے آگ کے شعلوں سے پیدا فرمایا ہے۔ اور وہ اپنے مادہ کی لطافت کے اعتبار سے ایسی قوت و اختیار رکھتے ہیں کہ وہ حسب منشاء ہر صورت میں متشکل ہو سکتے ہیں۔

جنّات کی پیدائش اور سرکوبی

حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے تقریباً سوا لاکھ برس پہلے اللہ تعالیٰ نے جنّات کو پیدا کر کے زمین پر آباد کیا تھا۔ ان کی بداعمالیوں کی وجہ سے خدا نے آسمان پر رہنے والے جنّوں کو ان کی سرکوبی کا حکم دیا۔ اس لشکر کا امیر ابلیس تھا۔ اس نے زمین پر آتے ہی قتل عام شروع کر دیا۔ جنّات جان کے خوف سے ویرانوں، کھنڈروں اور گھنے پیڑوں وغیرہ میں چھپ گئے۔ بعد میں جب ابلیس نے بھی سرکشی کی اور آسمان بدر کر دیا گیا۔ تو اس نے اِدھر اُدھر چھپے ہوئے جنّوں میں سے باطل عقیدے کے جنّوں کو اپنا حواری بنا لیا۔

جن اور شیطان میں فرق

محمد بن کعب القرظی سے روایت ہے کہ جنّ اور شیاطین اصل کے اعتبار سے ایک ہیں۔ مگر ایماندار جن کے نام اور کفار شیاطین کے نام سے موسوم ہیں۔

جنّات کے مختلف مذاہب

حضرت خواجہ حسن بصری فرماتے ہیں۔ کہ جسطرح انسانوں کے مختلف مذاہب ہیں۔ اسی طرح

جنّات بھی مختلف مذاہب رکھتے ہیں۔ جنّات مسلمان بھی ہیں۔ ہندو بھی ... یہودی - قدریہ - مرجیہ بھی، رافضی بھی ہیں۔ تفضیلیہ بھی۔ مجوسی بھی اور ستارہ پرست بھی ہیں۔

جنّات انسان کی روح ہوائی کیطرح لطیف ہوتے ہیں

جنّات کا ظاہری جسم انسان کی روح ہوائی کی طرح لطیف ہے۔ روح کیساتھ اختلاط سے اصل کی لطافت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ یہی سبب ہے کہ ان کا جسم مختلف شکلیں اختیار کر سکتا ہے۔ ظاہری جسم کا تغیّر خوف یا گھبراہٹ کے عالم میں یا سرور و مسرّت کے موقعہ پر انسان میں بھی مشاہدہ ہے۔ بہرحال یہ مخلوق کبھی اصل صورت پر باقی رہ کر مسامات اور رگوں کے ذریعے جسم انسانی میں داخل ہو کر تغیّرات کا باعث ہوتی ہے۔ اور کبھی کثیف جسم اختیار کر کے اچھی بُری یا ہولناک شکل و صورت میں ظہور میں آتی ہے۔

ابن الحاج التلمسانی المغربی قدس سرہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ یوں تو جنّات کی بہت سی اقسام ہیں۔ لیکن ستّر گروہ زیادہ مشہور ہیں۔ جس کے ہر گروہ میں ستّر ستّر ہزار قبیلے ہیں۔ اور ہر قبیلہ میں ستّر ہزار فخذ ہیں۔ اگر آسمان سے ایک سُوئی زمین پر گرائی جائے۔ تو ان ہی پر گرے۔ چنانچہ عفاریت تو چشموں اور غاروں میں رہتے ہیں۔ اور شیاطین گھروں میں رہتے ہیں۔ اور قبروں کو انہوں نے آباد کر رکھا ہے۔ یعنی انسانوں کے قبرستان کے پاس رہتے ہیں۔ اور طواغیت خون کے پاس۔ پس جب خون گرتا ہے۔ وہیں حاضر ہو جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ اگر ایک قطرہ بھی خون کا گرتا ہے تو بجلی سے بھی زیادہ تیزی کے ساتھ آپہنچتے ہیں۔ اور ہوا کی تو کچھ اصل ہی نہیں۔ اور بعض جنّات ہوائی

Ghulam Yaseen

پر پھرتے ہیں۔ اور بعض آگ کے نزدیک اور بعض جنات بصورت آدمی بڑے بڑے درختوں کے پاس رہتے ہیں اور باغوں میں گھس جاتے ہیں۔ اور بعض پہاڑوں اور کھنڈروں میں بود و باش رکھتے ہیں۔ اور ان میں سے اکثر ایسے ہیں۔ کہ مرد و عورتوں کو ضرر پہنچاتے ہیں۔ عفاریت میں سے بعض جنات ایسے ہیں، کہ وہ عورتوں سے ہمبستری کر لیتے ہیں۔ اور بعض اس کو پسند کرتے ہیں۔ کہ کوئی عورت ان کی بیوی ہوتی اور بعض انسان کے اعضاء بیکار کر دیتے ہیں۔

اقسام بلحاظ نوع

۱۔ اصحاب العیون والکھوف:۔ چشموں اور غاروں میں رہنے والے۔

۲۔ اصحاب مقابس:۔ قبرستانوں اور مقابروں میں رہنے والے۔

۳۔ اصحاب دم:۔ مذبح خانوں اور خون کے قریب رہنے والے۔

۴۔ زوالعہ:۔ ہواؤں پر سوار رہنے والے۔ ان کی تین اقسام ہیں۔

(۱۔ یہ بنو قیعان بھی کہلاتے ہیں ۲۔ یہ دوسری قسم زوابعہ کی توابع کہلاتی ہے ۳۔ تیسری قسم اصحاب صرع ہے۔)

۵۔ اصحاب النار:۔ آگ کے قریب رہنے والے

۶۔ تواقیف:۔ انسانوں کی شکل وصورت میں یعنی متشکل انسانوں میں رہنے والے۔

۷۔ اصحاب الاشجار:۔ درختوں پر رہنے والے۔

۸۔ اصحاب الشوک العلیق:۔ یہ خاردار درختوں اور جھاڑیوں پر رہتے ہیں۔

۹۔ اصحاب الباتین:۔ یہ باغوں میں رہنے والے ہوتے ہیں۔ انہیں سباسب بھی کہا جاتا ہے۔

۱۰۔ اصحاب الجبال الشامخہ:۔ بلند پہاڑیوں میں رہنے والے۔

۱۱۔ زانی:۔ یہ انسان کی عورتوں اور لڑکیوں سے زنا کرنیوالے ہوتے ہیں۔

۱۲۔ عشاق:۔ یہ زانی نہیں ہوتے بلکہ شرعی عقد کے خواہش مند ہوتے ہیں۔

۱۳۔ مفسد خلق:۔ یہ جنین میں نقص پیدا کر کے کسی عضو کو بے حس یا شل کر کے بیکار کر دیتے ہیں۔

اقسام بلحاظ مذہب ثقلین

(جن و انس) شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے مکلف ہیں۔ مگر انہوں نے بھی انسانوں کی طرح فرقہ بندی اختیار کر کے یہودی۔ عیسائی۔ نصرانی۔ مجوسی۔ ہندو اور مسلمان بن گئے ہیں۔ اس سلسلہ میں گذشتہ صفحات میں راقم السطور حضرت خواجہ حسن بصری کا فرمان تحریر کر چکا ہے۔

اقسام بلحاظ علاج معالجہ

ان تمام مذکورہ اقسام کو علاج کی غرض سے دو اہم قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے

۱۔ اصحاب صرع:۔ اصحاب صرع جو بعض زوابعہ کی قسم سے ہیں۔ اور بعض عشاق ہیں۔ عشاق اجنہ کی تین اقوام ہیں۔ جو صرف متزینہ عورت کو لاحق ہوتی ہیں۔

۱۔ قوم میمون ۲۔ قوم احمر ۳۔ قوم ابیض۔ "مرگی لگانے والے جنات"

۲۔ اصحاب ستر:۔ اصحاب ستر کی تفصیل یوں ہے۔

Ghulam Yaseen

۱۔ اولادِ احمر ہے۔ جو پانی کے قریب رہتے ہیں۔

۲۔ یہ قسم وادیوں میں رہتی ہے۔ اور اولاد احمر سے ہے۔

۳۔ یہ قسم بنوالقہاتم مشہور ہیں۔ چشموں اور پہاڑوں پر رہتے ہیں۔

۴۔ اولادِ ابیض ہیں۔

۵۔ اولادِ میمون ہیں۔

۶۔ بنوالنعمان کی ہے۔ جو پرانے اور خالی ویران گھروں میں رہتے ہیں۔

۷۔ مزابلہ یہ وہ جنات ہیں جو کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں پر رہتے ہیں۔ ان کی مزید دو اقسام بھی ہیں ۱۔ بنودھمان ۲۔ بنوالعرہیم۔

۸۔ یہ اولاد حارث ہے۔ ان کی ایک قسم بنوقیشان کہلاتی ہے۔ پانی کے قریب ان کی رہائش رہتی ہے۔ جبکہ ان کی دوسری قسم باغوں میں سکونت اختیار کرتی ہے۔

۹۔ یہ قسم میمون خطاف کہلاتی ہے۔

۱۰۔ یہ قسم قرینہ کی ہے۔

۱۱۔ بنوالہبیر، مزابل و اشجار بعض خندقوں میں رہتے ہیں۔ مگر علاج ایک ہی ہے۔

۱۲۔ اولادِ میمون ۔ بنی تیعان۔ نبات اللیل کے علاوہ شماشقہ اور بنوالارزق بھی اصحاب ستر میں شامل ہیں۔

جنات کی تین خصوصیتیں

شیخ عبدالوہاب الشعرانی صاحب الیواقیت والجواہر نے لکھا ہے کہ جنات تین خصوصیتوں کے حامل ہیں۔

۱۔ جنات دنیا میں انسانوں کو نظر نہیں آتے۔ مگر جنت میں انسانوں کے ساتھ مل جل کر رہیں گے۔ دنیا کی طرح انسانی نظروں سے محجوب نہ ہوں گے۔

۲۔ جنات جو شکل و صورت اختیار کرتے ہیں۔ یا جس مخلوق کا روپ اختیار کرتے ہیں۔ ان کی آواز بھی اسی مخلوق جیسی ہو جاتی ہے۔

۳۔ تیسری خصوصیت یہ ہے کہ جب کوئی انسان عزیمت پڑھتا ہے۔ یا ان کو قسم دی جاتی ہے۔ تو وہ اس کو پورا کرنے پر مجبور ہیں۔

جنات انسانوں اور ان کے جان و مال کو نقصان پہنچا سکتے ہیں

جنات بھی اللہ تعالیٰ کی ایک مخلوق ہے۔ بعض ان میں خواندہ ہیں۔ اور بعض ناخواندہ یا جاہل جنات انسانوں اور ان کے جان و مال کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ اسکی تصدیق جناب مولانا اشرف علی محدث تھانوی نے اپنی کتاب "التکشف التصوف"، صفحہ ۳۳۲، حدیث بست و ششم کا ترجمہ: یعنی "چھبیسویں"

حضرت ایوب سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک تجارتی میں خرما بھر رکھتے تھے۔ اور خبیث جنات آ کر اس میں سے لے جایا کرتے تھے۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس شکایت کی۔ آپ نے فرمایا کہ جاؤ اب اگر دیکھو تو یوں کہہ دینا بسم اللہ اجیبی رسول اللہ" یعنی اللہ کے نام سے مدد لیتا ہوں۔ رسول اللہ کا بلایا ہوا چل"

روایت کیا اس کو ترمذی نے پس اسے ثابت ہوا کہ خبیث جن انسانوں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

جنّات وشیاطین اور ارواحِ خبیثہ کے گروہ

جنّات و شیاطین اور ارواحِ خبیثہ کی بہت سی اقسام ہیں۔ اور ان کے علیحدہ علیحدہ اوصاف اور الگ الگ کام ہیں۔ یہاں صرف چند گروہ کے رہنے کی جگہ اور ان کی شرارتوں کے بارے میں آگاہ کیا جاتا ہے۔ تاکہ عوام الناس ان کے شر سے محفوظ رہ سکیں۔

پہلا گروہ ارواحِ خبیثہ کی یہ قسم کسی گھر یا مکان کے اندر سکونت اختیار کر لیتی ہیں۔ اور اس گھر کے باسیوں کو خواب اور بیداری میں ڈراتی اور دکھ تکلیف پہنچاتی ہیں۔ دنیا کے ہر شہر میں کوئی نہ کوئی ایسا گھر اور مکان ضرور ہوتا ہے۔ جن میں یہ عامر جن رہائش رکھتے ہیں۔ ایسے مکان اور گھر کو عام طور پر "بھارا" اور "آسیب زدہ" کہتے ہیں۔ ایسے مکانات اور گھروں میں اس گروہ کے جنّات مختلف حرکتیں کرتے ہیں۔

۱۔ بعض اوقات گھر کے رہنے والوں پر اینٹیں اور پتھر برساتے ہیں۔

۲۔ بعض جگہ پاخانہ اور گندگی پھینکتے ہیں۔

۳۔ کئی گھروں کے دریچے اور الماریوں سے چیزیں نیچے گراتے ہیں۔ اور توڑتے پھوڑتے رہتے ہیں۔

۴۔ کئی بار یہی جنّات وشیاطین گھروں میں کپڑوں اور سامان کو آگ لگا دیتے دیتے ہیں۔ یہ گروہ غیر آباد اور تاریک مکانوں میں بھی اپنا بسیرا کر لیتا ہے۔ اسی لیے حدیث شریف میں ہے کہ شام کے بعد اپنے مکانوں کے دروازوں کو کھلا نہیں چھوڑنا چاہیئے۔ کیونکہ ایسے وقت میں بعض مسافر جنّات آکر ان میں بسیرا کر لیتے ہیں۔ بعض گھروں اور دوکانوں کی برکت سلب کر لیتے ہیں۔ گھروں میں فساد

اور جھگڑے پیدا کرتے ہیں۔ گھر میں رہنے والے افراد کے درمیان تفرقہ، عداوت پیدا کرتے ہیں۔ سفلی عاملین اسی گروہ کی مدد سے مندرجہ بالا کام کرواتے ہیں۔

دوسرا گروہ یہ وہی گروہ ہے جس میں ایسے جنّات، شیاطین اور ارواحِ خبیثہ شامل ہیں۔ جو انسانوں پر مسلط ہو جایا کرتی ہیں۔ جس سے ان کی صحت خراب ہو جاتی ہے۔ اور سخت لاعلاج امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں جو حکماء اور ڈاکٹروں کی دواؤں سے ہرگز علاج پذیر نہیں ہوتے۔ بعض دفعہ اسی گروہ کے جنّات انسان کے جسم کے کسی خاص حصّہ کو متاثر کرتے ہیں۔ تو وہ حصّہ شل، مفلوج اور بیکار ہو جاتا ہے۔ یا اس پر کوئی زخم نمودار ہو جاتا ہے۔ جو لوگ اس قسم کے شیطانی اور جنونی آسیب کا انکار کرتے ہیں۔ گویا وہ حقائق قرآنی کا انکار کرتے ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں حضرت ایوب علیہ السلام کی زبانی فرماتے ہیں۔

ترجمہ:۔ یعنی شیطان نے مجھے چھو کر اپنے آسیب سے دکھ اور عذاب میں مبتلا کر دیا ہے۔ بعض اوقات ارواحِ خبیثہ جب انسانوں پر مسلط ہو جاتی ہیں۔ یا سفلی یا جادوگر اپنے عمل یا جادو کے ذریعے مسلط کر دیتے ہیں۔ تو یہ انسانوں کو طرح طرح کی تکالیف میں مبتلا کرتی رہتی ہیں۔ اس گروہ کے جنّات کو تسخیر کیا جا سکتا ہے۔ تسخیر جنّات کے لیے ملاحظہ فرمائیں۔ راقم الحروف کی کتاب غیبی مخلوق اور اس کی تسخیر یعنی "مصباح الارواح"۔ ہر خطہ کے قدیم باشندوں اور ہندوستان، چین اور تبت کے لوگوں میں اس قسم کے سفلی عاملین بکثرت پائے جاتے ہیں۔ ہمارے وطن عزیز پاکستان میں بھی ایسے عامل موجود ہیں۔ ایسے عامل اس قسم کا علاج جوتی کی نوک سے کرتے ہیں۔

تیسرا گروہ اس گروہ میں شامل جنّات ارواحِ خبیثہ اکثر قبرستانوں میں اور

Ghulam Yaseen

ان کے گرد و نواح میں اپنا بسیرا کرتی ہیں۔ یہ جنّات زندگی میں انسانوں کے ہمراہ رہنے والے طبعی اور ہمزاد ہوتے ہیں۔ جو موت کے بعد جسدِ عنصری سے جُدا ہو کر کچھ عرصہ متوفی لوگوں کی قبروں پر منڈلاتے رہتے ہیں۔ ہندو لوگوں میں یہ عقیدہ عام طور پر پایا جاتا ہے۔ کہ مرنے کے بعد مُردہ روح بھوت بن کر مُردہ کے خویش و اقارب پر بعض دفعہ مسلط ہو جاتی ہے۔ اس لیئے یہ لوگ جب کبھی اپنے مردے جلانے کے لیئے مرگھٹ پر جاتے ہیں۔ تو اپنا لباس اور حلیہ تبدیل کر کے اس قدر مبالغہ کرتے ہیں۔ کہ اپنے مردہ کے بعد سر، داڑھی اور مونچھوں تک منڈوا ڈالتے ہیں۔ تاکہ موت کے بعد ان کے متوفی کی روح بھوت بن کر انہیں پہچان نہ سکے۔ نیز ہندو لوگوں میں یہ بھی رواج ہے کہ مرگھٹ میں جس وقت یہ لوگ اپنا مُردہ جلاتے ہیں۔ اور مردے کی کھوپڑی جل کر تڑاخ سے پھٹتی ہے۔ تو وہاں جس قدر ہندو جمع ہوتے ہیں۔ سب کے سب اُلٹے پاؤں اپنے گھر کیطرف دوڑ پڑتے ہیں۔ اور پیچھے دیکھنے کا نام نہیں لیتے۔ دراصل ان کا یہ خوف بے وجہ نہیں ہوتا۔ مُردہ کی روح بھوت نہیں بن جایا کرتی۔ بلکہ اس کا ہمزاد جو پیدائش سے اس کے ساتھ لگا رہتا ہے۔ موت کے بعد اس کے جسدِ عنصری سے الگ ہو جاتا ہے۔ اور بعض اوقات وہ ہمزاد موت کے بعد متوفی کے کسی خویش یا دوسرے شخص پر مسلّط ہو جاتا ہے۔

تذکرہ غوثیہؒ میں حضرت غوث علی شاہ قلندر قادری راوی ہیں۔ کہ عظیم آباد پٹنہ میں پن ڈبوں کا ماجرا معروف ہے۔ یعنی پن ڈبے از قسم بھوت مشہور ہیں۔ دریائے گنگ میں مُردے جھُلس کر بہاتے جاتے ہیں۔ اور وہ بھوت بن جاتے ہیں۔ ان کا وتیرہ ہے کہ اگر رات کے وقت کوئی شخص تنہا کنارہ دریا پر چلا جاتا ہے۔ تو وہ پن ڈبے اس کو زبردستی دریا میں کھینچ کر لے جاتے ہیں۔ اور آپ

جیسا بنا لیتے ہیں۔ دوسری جگہ حضرت غوث علیشاہ قلندری قادری راوی ہیں۔ ایک روز کسی شخص نے کہا اولیاء اللہ سے کچھ فیض نہیں ہو سکتا ہے۔ بعد مُردن مثل جماد ہو جاتے ہیں۔ اس وقت ارشاد فرمایا کہ ہم کو ایک نقل یاد آئی۔ دکن میں ایک فاحشہ عورت مرگئی تھی۔ جنگل میں دفن کی گئی۔ اس جانب کو جو شخص تنہا جاتا۔ وہ چھلاوہ بن کر خواہش پوری کراتی۔ تعجّب ہے کہ ایک فاحشہ تو اپنے مخش میں ایسی کامل ہو۔ اور اولیاء اللہ سے کچھ بھی فیض نہ ہو۔

یہ بات روزِ روشن کیطرح ظاہر ہے کہ ارواحِ خبیثہ انسانوں کو ستاتی ہیں۔ اور بعض اوقات انتقام بھی لیتی ہیں۔ اگر یہ کسی انسان پر مسلّط ہو جائیں تو علاج نہ کروانے کی صورت میں پشت در پشت تنگ کرتی ہیں۔ ایک خبر بلا تبصرہ ملاحظہ فرمائیں۔

جارج بش کی نیندیں اڑگئیں، روح نے وائٹ ہاؤس کو ہراساں کر دیا۔

روح نے دھمکی دی کہ میری کھوپڑی واپس کردو۔ ورنہ تمہارے خاندان کو میری بددعا لگ جائے گی۔ شام ڈھلتے ہی پراسرار روح صدر کی رہائش گاہ میں وارد ہو جاتی ہے۔ اور عجیب و غریب آوازیں نکالتی ہے۔ ۱۹۰۸ء میں انتقال کر جانیوالے جیرونیمو کی روح اپنی گمشدہ کھوپڑی کی تلاش میں امریکی صدر کی رہائش گاہ وائٹ ہاؤس میں بھٹک رہی ہے۔ روح کا کہنا ہے کہ ۱۹۲۳ء میں اسکی قبر کھود کر کھوپڑی غائب کر دی گئی۔ جس کے باعث اس کا ڈھانچہ نامکمل ہے۔ اب یہ روح ہر رات اپنی کھوپڑی کی تلاش میں وائٹ ہاؤس پہنچ جاتی ہے۔ جس کے باعث امریکی صدر جارج بش کی راتوں کی نیند حرام ہو گئی ہے۔ اور اس روح کے خوف کے باعث وائٹ ہاؤس میں مقیم ہر فرد ساری رات آنکھوں میں کاٹ ڈالتا ہے۔ رات کا سناٹا چھاتے ہی روح وہاں آجاتی ہے۔ اور عجیب و غریب قسم کی آوازیں نکالتی

Ghulam Yaseen

ہے۔ اور وہ جارج بش سے مطالبہ کرتی ہے کہ اس کے پڑدادا نے ۱۹۴۳ء میں اس کی قبر کھود کر اس کی کھوپڑی چرالی تھی۔ جس کے بعد اس کا ڈھانچہ نامکمل ہے اور اسکی بے چین روح کو اس وقت تک قرار حاصل نہیں ہو سکتا۔ جب تک وہ اس کی کھوپڑی واپس نہیں کرے گا۔ بہتر یہی ہے کہ اس کی کھوپڑی واپس کر دی جائے۔ ورنہ تمہارے خاندان کو میری بد دعا لگ جائے گی۔ بش کے پاس اتنی طاقت نہیں ہے کہ وہ اس آسیب سے بغاوت کر سکے۔ یا اسے معذرت کرے۔

(روزنامہ پاکستان لاہور ۳ فروری ۱۹۹۲ء)

اور شاید اسی وجہ سے نومبر ۱۹۹۲ء میں صدر بش، بل کلنٹن کے مقابلہ میں انتخاب ہار گئے۔ لوگ تسلیم کریں یا نہ کریں۔ مگر یہ حقیقت ہے کہ جنات اور آسیبی قوتیں عوام الناس کے علاوہ سیاستدانوں کو بھی کبھی کبھی اپنے وجود کا احساس دلاتی رہتی ہیں۔ ایک خبر مختصر کر کے درج کر رہا ہوں۔

جی۔ او۔ آر میں "بھوت بنگلہ"

یہاں جو بھی آیا جان یا اقتدار سے گیا

بجلی چلی جائے تو اندھیرے میں روشنی کی لکیر اور عورت کی چیخیں سنائی دیتی ہیں۔ سکندر حیات انتقال سے ایک دن پہلے اسی بنگلے میں آئے۔ اور بیڈ روم میں مردہ پائے گئے۔ خضر حیات ٹوانہ کے ہاتھ سے اقتدار گیا تو کہنے لگے یہ کوٹھی میرے لیئے بہت منحوس ثابت ہوئی۔ نواب ممدوٹ نے اور ممتاز دولتانہ نے بھی وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے اس میں رہنا قبول نہ کیا۔ رفیق حیدر، غلام دستگیر، عارف نکئی، شیخ آفتاب اور سردار متوکل کی صحت خراب ہوئی یا وزارت گئی۔ موجودہ مکین صوبائی مشیر اسلم بھروانہ کو یقین ہو گیا ہے کہ اس بنگلے کے کچھ حصے آسیب زدہ ہیں۔ جی۔ او۔ آر واقع ایچی سن کالج کے سامنے اور فائیو سٹار ہوٹل کے دامن میں واقع

وزیر اعلیٰ پنجاب کے ایک مشیر کے سرکاری بنگلے میں جنوں اور بھوتوں کا سایہ ہے اور گذشتہ نصف صدی کے دوران جو اہم سرکاری شخصیات اس بنگلہ میں اقامت پذیر رہیں۔ وہ ذہنی اور جسمانی مشکلات میں مبتلا رہیں۔ اور بعض اہم حکمرانوں کو اس آسیب زدہ بنگلہ میں قیام کے باعث اپنی جان اور اقتدار سے بھی ہاتھ دھونا پڑے۔ سولہ کنال کے اس وسیع بنگلہ میں مقیم صوبائی مشیر مہر محمد اسلم بھروانہ پر چند ماہ قبل گھبراہٹ اور ڈیپریشن کے ایسے دورے پڑے کہ وہ سروسز اور سی ہسپتال میں ڈیڑھ ماہ تک زیر علاج رہے۔ ڈاکٹروں نے تشخیص کے دوران بتایا کہ انہیں دل کا دورہ پڑا ہے۔ انہوں نے علاج معالجے کے لیئے لندن کے لیئے رخت سفر باندھا۔ کرامویل ہسپتال میں زیر علاج رہے۔ جہاں ڈاکٹروں نے اس حتمی رائے کا اظہار کیا کہ انہیں زندگی میں کبھی دل کا دورہ نہیں پڑا۔ البتہ ان پر گھبراہٹ اور ڈیپریشن کے دورے پڑنے سے ان کے ماتھے پر پسینے چھوٹتے رہے ہیں۔ مہر محمد اسلم بھروانہ نے بتایا کہ مجھے بعض حلقوں نے باور کرایا تھا کہ میری رہائش گاہ میں جو بھی آیا ہے وہ پریشان ضرور رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مرحوم قدرت اللہ شہاب میرے آبائی ضلع جھنگ کے ڈپٹی کمشنر رہے ہے۔ انہوں نے اپنی سرگذشت میں ایک واقعہ تحریر کیا تھا۔ کہ جب وہ آئی سی ایس افسر بنے تو پاکستان بننے سے پہلے وہ ایک ایسے علاقے میں تعینات ہوئے۔ جہاں جس سرکاری بنگلے میں وہ مقیم تھے۔ وہاں رات کی تاریکی میں انسانی چیخیں سنائی دیتی تھیں۔ بعد میں پتہ چلا کہ اس کوٹھی میں ایک بے گناہ عورت کو موت کے گھاٹ اتار کر اسے اسی کوٹھی میں دفن کر دیا گیا۔ جس کے بعد بے گناہ عورت کی روح کی چیخیں سنائی دیتی تھیں۔ مہر محمد اسلم بھروانہ نے بتایا کہ مرحوم مصنف کے بارے میں، میں نے ہمیشہ عقیدت کا اظہار کیا۔ مگر مجھے اس واقعہ پر یقین نہیں آتا تھا۔ مگر گزشتہ دنوں جب لاہور میں لوڈشیڈنگ کا

Ghulam Yaseen

دباؤ بڑھا۔ تو میرے ملازم نے بتایا کہ جب لوڈ شیڈنگ کے باعث یہ سرکاری بنگلہ
تاریکی میں ڈوب گیا۔ تو اس نے روشنی کی ایک ہلکی سی لکیر دیکھی۔ اور بعض انسانی چیخیں
بھی سنائی دیں۔ مہر محمد اسلم بھروانہ کا کہنا ہے کہ میرے ملازم نے جو کچھ بتایا۔ اس
سے مجھے محسوس ہوا کہ اس بنگلے کے کچھ حصے آسیب زدہ ضرور ہیں۔ بتایا گیا ہے
کہ اس بنگلہ میں جو اہم شخصیات اقامت پذیر رہیں۔ انہیں جسمانی اور ذہنی طور پر
شدید تکالیف کا سامنا کرنا پڑا۔ مثلاً پاکستان بننے سے قبل یہ بنگلہ ابروم ہیڈ روڈ
پنجاب کے دو وزرائے اعلیٰ کی رہائش گاہ بنا۔ پاکستان کے نامور معمر سیاستدان سردار
شوکت حیات کے والد دینا حیات کے دادا سردار سکندر حیات ۱۹۳۷ء کے انتخابات
کے بعد جب متحدہ پنجاب کے وزیر اعلیٰ بنائے گئے۔ تو انہوں نے اس بنگلہ کو اپنی
رہائش گاہ بنایا۔ ۱۹۴۳ء تک وہ وزیر اعلیٰ رہے۔ انہوں نے اپنی وفات سے
ایک روز قبل اپنے دو بیٹوں کی شادی کی تقریب کا اہتمام کیا۔ جس میں انگریز حکمرانوں
سمیت متحدہ پنجاب کے وزراء نے شرکت کی۔ جب سردار صاحب اپنے بیٹوں
کی شادی سے فارغ ہوئے تو انہوں نے اپنی بیٹی کے نکاح کا بھی اہتمام کیا۔ اس
سے فارغ ہونے کے بعد جب وہ رات کو اسی بنگلہ میں واقع اپنے بیڈ روم میں
منتقل ہوئے تو صبح کو وہ اپنے بیڈ روم میں مردہ پائے گئے۔ اس پراسرار موت
کا معمہ آج تک حل نہیں کیا جا سکا۔

سردار سکندر حیات کی وفات کے بعد ملک خضر حیات ٹوانہ پنجاب کے
وزیر اعلیٰ بنائے گئے۔ انہوں نے اپنے اقتدار میں اپنے پیشرو کے مقابلے میں
مسلم لیگ سے مفاہمت کی پالیسی کو ترک کر دیا۔ ۱۹۴۶ء کے انتخابات میں یونینسٹ
پارٹی کو عبرتناک شکست ہوئی۔ اور مسلم نشستوں پر مسلم لیگ کو ۸۹ فیصد کامیابی
نصیب ہوئی۔ کہا جاتا ہے۔ کہ اتنی بڑی کامیابی کے باوجود جب ملک خضر حیات ٹوانہ

اکالیوں اور کانگریسیوں کے ساتھ مل کر مخلوط وزارت بنا کر وزیر اعلیٰ پنجاب بنے
تو ان کی طاقت بالکل زائل ہو چکی تھی۔ اور جب خضر حیات کے خلاف تحریک
کے نتیجے میں، وہ اقتدار سے ہمیشہ کے لئے رخصت اور عملی سیاست سے ریٹائر
ہو گئے۔ تو انہوں نے اپنے بعض ملنے والوں سے کہا تھا کہ جس سرکاری بنگلہ میں
اقامت پذیر رہا۔ یہ کوٹھی میرے لئے منحوس ثابت ہوئی۔

پاکستان بننے کے بعد نواب افتخار حسین ممدوٹ پنجاب کے پہلے وزیر اعلیٰ
بنائے گئے۔ مگر انہوں نے اس بنگلہ میں رہائش اختیار کرنے سے انکار کر دیا۔
اور وہ اپنی نجی اقامت گاہ ممدوٹ ولا میں ہی قیام پذیر رہے۔ ان کے بعد میاں
ممتاز دولتانہ وزیر اعلیٰ بنائے گئے۔ انہوں نے بھی اس بنگلہ میں اس لئے رہائش
اختیار نہ کی کہ ڈیورنڈ روڈ پر واقع ان کی اقامت گاہ "الممتاز" اس کوٹھی سے
کہیں زیادہ جاذبِ نظر اور باعثِ کشش تھی۔ اس طرح میاں دولتانہ کے بعد
کسی وزیر اعلیٰ نے یہاں رہائش اختیار نہ کی۔

البتہ جھنگ کے نامور سیاستدان کرنل سید عابد حسین بطور وزیر اس بنگلہ میں
رہائش پذیر رہے۔ مگر اس بنگلہ نے ان کی قابل رشک صحت کو متاثر کیا۔ اور
وہ شوگر کے موذی مرض میں مبتلا ہو گئے۔ ماضی قریب میں گزشتہ چھ سات
سالوں کے دوران کئی اہم وزیر اور مشیر اس بنگلہ میں رہائش پذیر رہے۔ گورنر جیلانی
کی کابینہ کے صوبائی وزیر خوراک سردار رفیق حیدرالغاری بھی ۱۹۸۵ء کے الیکشن تک
اس کوٹھی میں مقیم رہے۔ وہ پنجاب کی وزارتِ اعلیٰ کے امیدوار تھے۔ لیکن ایم. پی.
اے شپ بھی دوبارہ حاصل نہ کر سکے۔ ۱۹۸۵ء کے بعد پی. ڈی. اے کے موجودہ
رکن پنجاب اسمبلی مہر غلام دستگیر لک کو صوبائی وزیر بنایا گیا۔ وہ یہاں رہائش پذیر
رہے۔ مگر جب کچھ عرصے کے بعد پنجاب کابینہ میں ردو بدل ہوا۔ تو انہیں دوبارہ

Ghulam Yaseen

وزیر نہ لیا گیا۔ ضلع قصور سے موجودہ رکن پنجاب اسمبلی سردار محمد عارف نکئی کو صوبائی وزیر بنایا گیا۔ وہ اس بنگلے میں منتقل ہوئے۔ مگر ان کی نہ صرف صحت خراب ہوئی۔ بلکہ ایک روز ان کے ایک دوست نے انہیں باور کرایا کہ بہتر یہ ہے کہ اس بنگلہ کو چھوڑ دیجیئے۔ ورنہ آپ کو ذہنی طور پر نقصان پہنچ سکتا ہے۔ چنانچہ جب کابینہ میں رد و بدل ہوا۔ تو ان جیسے با اثر شخص کو دوبارہ وزیر نہ لیا گیا۔ ۱۹۸۸ء کے انتخابات سے قبل ضلع اٹک سے موجودہ رکن شیخ آفتاب احمد بطور صوبائی مشیر اس رہائش گاہ میں منتقل ہو گئے۔ ان کے ایک ووٹر ان سے ملنے ایک رکشے پر آئے۔ تو جب وہ رکشے سے نیچے اتر رہے تھے۔ تو اس کوٹھی کے مین گیٹ پر ایک بہت بڑا سانپ نمودار ہوا۔ اس واقعہ نے ماحول کو دہشت زدہ کر دیا۔ الیکشن ۱۹۸۸ء کے ضلع قصور سے موجودہ رکن اسمبلی سردار حسن اختر موکل کو پنجاب اسمبلی کا ڈپٹی سپیکر بنایا گیا، تو وہ اس رہائش گاہ میں منتقل ہوئے تو ان کی صحت خطرناک حد تک گر گئی۔ انہیں بھی بعض دوستوں نے کہا کہ یہ رہائش گاہ ان کے لیئے بھاری ہے۔

الیکشن ۱۹۹۰ء میں موجودہ مشیر مہر محمد اسلم بھروانہ ضلع جھنگ سے پنجاب اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔ تو انہی وزیر اعلیٰ پنجاب کا مشیر بنا دیا گیا۔ انہی یہ کوٹھی الاٹ ہوئی۔ مگر یہ رہائش گاہ بھی ان کی صحت کی خرابی کا سبب بن گئی۔ پتہ چلا ہے کہ مہر محمد اسلم بھروانہ نے گذشتہ دنوں چوہدری نذیر احمد صوبائی وزیر ہاؤسنگ کو پیشکش کی کہ وہ اس رہائش گاہ میں منتقل ہو جائیں۔ اور اپنی سرکاری کوٹھی ان کے حوالے کر دیں۔ مگر وزیر موصوف نے اس پیشکش کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔

(روزنامہ پاکستان لاہور ۱۷ فروری ۱۹۹۲ء)

چوتھا گروہ

شیاطین اور جنوں کا یہ گروہ بوچڑ خانوں اور مذبح گاہوں کے آس پاس منڈلاتا رہتا ہے۔ اور جانوروں کے خون اور ہڈیوں وغیرہ سے اپنی غذا حاصل کرتا ہے۔ حدیث شریف میں آتا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے گوبر، ہڈی اور کوئلے سے استنجا کرنے سے اپنے اصحاب کو منع فرمایا۔ اور فرمایا کہ یہ چیزیں جنات کی خوراک ہیں۔" جب ان سے استنجا کیا جاتے۔ تو پھر وہ جنات کی خوراک کے قابل نہیں رہتے۔ دراصل بات یہ ہے کہ جنات ہڈی، گوبر اور کوئلے کو بعینہٖ کھا نہیں لیتے۔ بلکہ ان میں سے فاسفورس اور کاربن کی قسم کی خارج ہونے والی گیسوں میں ان کی خوراک موجود ہوتی ہے۔ اس لیئے بوچڑ خانوں اور مذبح گاہوں کے پاس اس قسم کے جنات اپنی مخصوص خوراک حاصل کرنے کے لیئے آتے ہیں۔ اور بعض اوقات انسانوں کو تنگ کرتے ہیں۔

پانچواں گروہ

جنات کا یہ گروہ پرندوں کیطرح ہوا میں چکر لگاتا رہتا ہے۔ اسی گروہ کے جنات حضرت سلیمان علیہ السلام کے تخت کو اٹھاتے رہتے تھے۔ اس قسم کے جنات کو اگر تسخیر کر لیا جائے تو یہ اپنے عامل کو مختلف ممالک کی سیر کراتے ہیں۔ اس گروہ کے جنات کا عامل ہوا میں اڑ سکتا ہے تبت کے علاقہ میں اس قسم کے عامل پائے جاتے ہیں۔

چھٹا گروہ

جنات و شیاطین کا چھٹا گروہ اصل ناری قسم کا ہوتا ہے۔ اور اس گروہ کے جن شیاطین کسی شخص پر مسلط ہو جائیں تو مریض انگارے کھاتا اور شعلے نکلتا ہے۔ ان جنات کے عامل آگ میں گھس جاتے ہیں۔ اور آگ سے کھیلتے ہیں۔ اور صحیح سلامت نکلتے ہیں۔ ایسا ایک عامل میرا واقف تھا جو بانسری بجاتا ہوا آگ میں گھس جاتا تھا۔ میں نے چند ایسے عاملین کو دیکھا جو آگ سے کھیلتے تھے۔ لوہے کی چھری چاقو آگ سے سرخ کر کے زبان پر لگاتے تھے! اس گروہ کے جنات اور شیاطین جب انسان کے کان یا انگلی کو چھوتے ہیں تو وہ جل اٹھتی

ہے۔ یہ جن اگر کسی مرد یا عورت پر مسلط ہو جائیں تو اسے سخت دردناک عذاب میں مبتلا کر دیتے ہیں۔ ایسے مریض چوبیس گھنٹے بھی غسل کریں تو بھی ان کا جسم آگ کیطرح رہتا ہے۔

ساتواں گروہ

اس گروہ کے جن شیاطین اکثر جنگلوں، باغوں اور کھیتوں درختوں اور جھاڑیوں پر بسیرا کرتے ہیں۔ اس گروہ کے جن و بھوت مختلف شکلوں، صورتوں میں دکھائی دیتے ہیں۔ ان میں بعض بہت چھوٹے ہوتے ہیں۔ اور بعض بڑے۔ قوی ہیکل بھیانک شکل و صورت کے ہوتے ہیں۔ اور رنگ برنگ کی سرخ، زرد اور سبز وردیوں میں ملبوس رہتے ہیں۔ جو لوگ جنگل میں درخت کاٹتے ہیں۔ وہ لوگ بعض دفعہ اس قسم کے جن شیاطین کے آسیب میں آجاتے ہیں۔ اسی گروہ کے جن بھوت اور ان کی مونث قسم باغوں اور سرسبز کھیتوں میں سے بعض دفعہ انسانوں پر مسلط ہو جاتی ہے۔ اس قسم کے بھوت پریت اور جنات کو راقم السطور نے دیکھا ہے۔ اس قسم سے تعلق رکھنے والے جنات باغ باغیچوں جہاں پھول بکثرت ہوتے ہیں سے خوبصورت کنواری نوجوان لڑکیوں اور بیاہی عورتوں پر بھی مسلط ہو جاتے ہیں۔ اور عورتوں سے انسانوں کیطرح جماع اور مباشرت کرتے ہیں۔ اور بہت خراب کرتے ہیں۔ میرے ایک جاننے والے جو زبردست سفلی عامل ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ خواب میں کسی مرد کا عورت سے جماع کرنا اور کسی عورت کا مرد سے مباشرت کرانا اس قسم کے آسیب کیوجہ سے ہی ہوتا ہے۔

آٹھواں گروہ

یہ زانی اور شہوانی جنات و شیاطین کا گروہ ہے۔ جو، جوان مردوں، لڑکوں اور عورتوں نیز خوبصورت کنواری نوجوان لڑکیوں پر مسلط ہو کر غلط ترغیب دیتا ہے۔ اس گروہ میں لوطی جنات اور شیاطین بھی ہوتے ہیں۔ جو مردوں سے لواطت کے قبیح فعل کا ارتکاب فاعلی اور مفعولی دونوں صورتوں میں کرتے اور کراتے ہیں۔ یہ شیاطین جن لوگوں پر مسلط ہو جاتے ہیں۔ وہ ہرگز کسی صورت میں اس فعلِ بد سے باز نہیں آتے۔ ان کے لوطی تسلط اور تصرف سے بعض اشخاص اپنی جوان خوبصورت عورتوں سے منہ پھیر کر دیوانہ وار دن رات فطری وضع کے خلاف فعل کرتے ہیں۔ اور ذرا نہیں شرماتے۔ اور بعض مفعولیت کیصورت میں مرتے دم تک دوسروں سے یہ شرمناک اور حیا سوز فعل کراتے پائے جاتے ہیں۔ بعض مرد اپنی بیویوں سے بھی یہ غیر فطری فعل کرتے ہیں۔ اس گروہ کے متاثرہ مریض مرد عورت کا علاج کرنا ذرا مشکل ہوتا ہے۔ اس گروہ کے جنات و شیاطین کے عامل بھی اکثر زانی ہوتے ہیں۔ خدا تعالیٰ اس گروہ کے جنات و شیاطین سے ہر ایک کو محفوظ رکھے۔

نواں گروہ

اس گروہ میں شامل جنات و شیاطین انسانوں پر مسلط ہو کر انہیں بیمار کر دیتے ہیں۔ اور انسانوں کا خون چوستے ہیں۔ یہی ظالم حیوانات پر بھی مسلط ہو جایا کرتے ہیں۔ اکثر دودھ دینے والی گائے، بھینس اور بکریوں، بھیڑوں پر ان کا تسلط ہو جاتا ہے۔ اس قسم کے جن شیاطین کے عامل بھی اکثر لوگوں کے مال مویشیوں پر انہیں مسلط کر دیتے ہیں۔ اور جانوروں کے بچے مرنے شروع ہو جاتے ہیں۔ جانوروں کے دودھ اور مکھن میں کمی بیشی میں ان جن شیاطین کا بڑا اثر ہوتا ہے۔ عورتیں جو دودھ دوہتی اور بلوتی ہیں۔ ان کی اکثر شرارتوں سے بہت چلاتی ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ ان عورتوں کا چیخنا اور چلانا محض بے وجہ نہیں ہوتا۔ اور یہ نرا توہم بھی نہیں ہوتا۔ جانوروں سے زیادہ دودھ حاصل کرنیکا نقش ہم نے اپنی کتاب "رد سحر" کے صفحہ نمبر ۱۳۵ پر برائے مویشی کے نام سے تحریر کر دیا ہے۔ اور اسی صفحہ پر مکھن زیادہ نکالنے اور بیمار مویشیاں کا عمل

Ghulam Yaseen

بھی درج ہے۔ کیونکہ اس قسم کے جنات کے عامل اپنے جادوئی اعمال سے لوگوں
کے مال مویشی کا نقصان کرتے ہیں۔ "ردِ سحر" کے صفحہ نمبر ۱۳۷ پر ہم نے ایک ایسا
نقش درج کر دیا ہے۔ جو چوپاؤں کا اکسیری نقش ہے مثلاً اگر بھیڑ بکریوں کے
بچے مر جاتے ہیں۔ چوپایوں کے جوڑوں میں درد ہوتا ہو۔ یا ان کے بچے ادھ کچرے
ساقط ہو جاتے ہوں۔ یا چوپایوں کے تھنوں سے بجائے دودھ کے خون آتا ہو ملاحظہ
فرمائیں۔ ہماری کتاب "ردِ سحر"

دسواں گروہ

اس گروہ میں شامل جن شیاطین بتوں اور مورتیوں میں گھس
کر لوگوں میں بُت پرستی کے مشرکانہ رسم و رواج کا موجب
بنتے ہیں۔ اس قسم کے جن شیاطین طرح طرح کے مکر و فریب سے اپنے پجاریوں
کو اپنی پرستش میں پھنسائے رکھتے ہیں۔ جب کبھی ان کے پجاری ان کی چوکی
بھرتے یا سلام اور سجدے کے روزانہ فرائض ادا کرنے میں کوتاہی کرتے ہیں۔
تو یہ جن شیاطین ان پر اور ان کے گھر والوں پر مسلط ہو کر انہیں ستاتے ہیں۔ اور
دکھ پہنچاتے ہیں۔ بعض چڑھاوے طلب کرتے ہیں اور قربانیاں مانگتے ہیں۔
چنانچہ کلکتہ کی کالی دیوی جو ایک سخت قسم کی خونخوار اور سفاک قسم کی بھوتنی ہے اس
معاملے میں بہت مشہور چلی آتی ہے۔ اور یہ چڑیل دیوی اپنے پجاریوں سے
انسانوں کی قربانی طلب کرتی رہی ہے۔ اور جب تک کئی بے گناہ اس کی دہلیز
پر ہر سال ذبح نہیں کیئے جاتے تھے۔ یہ اپنے پجاریوں اور پرستاروں سے ناراض
سمجھی جاتی تھی۔ اور اس کی پاداش میں اپنے مشرک پرستاروں کو سخت اذیتیں
اور تکلیفیں پہنچاتی تھیں۔ اس کی خوفناک ڈراؤنی سیاہ صورت جس کے گلے میں
انسانی کھوپڑیوں کی بڑی مالا پڑی ہوئی ہے۔ آج تک اس کے شیطانی ظلم و ستم
کی شہادت دے رہی ہے۔ چونکہ انگریزوں کی عملداری میں یہ سفاکرانہ رواج

قانوناً بند کر دیا گیا تھا۔ اس واسطے اب ہر سال میلے پر بجائے انسانوں کے بکروں
اور دیگر جانوروں کی قربانیاں دی جاتی ہیں۔ سفلی عامل جادوگر اسے مختلف ناموں سے
پکارتے ہیں۔ مثلاً کالکا کال دیوی۔ کالی مائی۔ کالی ماتا وغیرہ اور عجیب قسم منتر اس
کے حاضر کرنے کے واسطے پڑھتے ہیں۔ مثلاً کالی کالی مہا کالی۔ برہما کی بیٹی۔ اندر
کی سالی .... کالی مائی کلکتہ سے آئی .... کالی ماتا بھبھوت بتا....
........کل کل کرے کالکاں .... غرضیکہ قسم قسم کے منتر اس کے حاضر کرنے
کے واسطے ہوتے ہیں۔ اس کا عامل بھی اکثر اس کی طرح سفاک ہوتا ہے۔ اور
ناجائز کاموں میں اس سے مدد لیتا ہے۔

گیارھواں گروہ

اس گروہ میں وہ جنات اور شیاطین شامل ہیں۔ جو
کاہنوں، ساحروں، جادوگروں اور سفلی عاملوں کے
پاس خبریں لاتے ہیں۔ یا اپنے عاملوں کے دم تعویز گنڈے، جھاڑ پھونکوں اور
ٹونے ٹوٹکوں جادو سحر میں ان کی امداد اور اعانت کرتے ہیں۔ اور یوں ان کے
دم قدم سے ان کے سفلی اعمال اور کالے علم کی دوکان گرم رہتی ہے۔ اس قسم کے
سفلی عامل اپنے خبیث موکلوں کی طرح پلید اور طیب ارواح سے بچنے کی خاطر
اپنے ارد گرد گوبر اور گندگی کا حصار کرتے ہیں۔ اس قسم کے جن شیاطین اور
ارواحِ خبیثہ کے عاملین کے نمونے اگر دیکھنے ہوں تو ہندوؤں کے کنبھ کے میلے میں
ان مادر زاد ننگے میلے کچیلے گندگی کھانے والے سادھوؤں کو جا کر دیکھو جو ہزاروں
کی تعداد میں اس میلے میں شامل ہوتے ہیں۔ وہاں ان الف ننگے اور گندے
غلیظ لوگوں کا ایک لمبا جلوس نکلتا ہے۔ اور ہندو مرد، عورتیں لاکھوں کی تعداد
میں دو طرفہ قطار باندھ کر ان کے درشن کے لیئے بڑے ادب اور احترام سے کھڑے
ہوتے ہیں۔ اور سب کے سب ان کے آگے ہاتھ جوڑے ڈنڈوت بھرتے اور

Ghulam Yaseen

زمین پر اوندھے اور دوہرے ہو کر آتے ہیں۔ ان میں جو سادھو بہت ڈراؤنی خوفناک صورت والا اور بہت میلا کچیلا اور گندہ غلیظ ہوتا ہے۔ وہی بڑا صاحبِ کمال اور صاحبِ کرامت سمجھا جاتا ہے۔ یہ لوگ پاخانہ کھاتے اور پیشاب تک پیتے دیکھے گئے ہیں۔ اس قسم کے شیاطین کے عامل اپنے مسخر کردہ شیاطین کی مدد سے لوگوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ لوگوں کے گھروں میں گندگی پھینکواتے ہیں۔ باطن اور کبھی ظاہر ہیں۔ بھی ان سفلی کالے علم والے جادوگروں اور علوی و نوری علم کے عاملین کے درمیان طرح طرح کے مقابلے ہوا کرتے ہیں۔ فتح ہمیشہ نوری علم کے ماہرین کو حاصل ہوتی ہے۔ ان کے علاوہ بھی جنات و شیاطین اور ارواحِ خبیثہ کی بہت سی اقسام ہیں جن کا ذکر موجبِ طوالت ہے۔

ست (ساتوں اقلیم کے بادشاہ جنات اور مسلمان جنات سے ملاقات کے نتیجہ میں علامہ مغربی تلمسانی اسماعیل وزیر شاہ جنات کا بیان نقل کرتے ہیں۔ اسماعیل کے قول سے جہاں جنات کے رہنے کے مقامات کا پتہ چلتا ہے۔ وہاں ان کی مختلف اقسام اور ان کی مخصوص صفات و افعال پر بھی روشنی پڑتی ہے۔

آسیبی قوتوں کی کارستانیاں

۱. ایک صورت یہ ہے کہ مرد یا عورت، لڑکا یا لڑکی آسیب کے زیر اثر ہوتے ہی بیہوش ہو جاتے ہیں۔ اور ان کی حالت صرع یعنی مرگی سی ہو جاتی ہے۔

۲. عفریت توابع عام طور پر ان نئی نویلی دلہنوں کو ستایا کرتے ہیں جو ایک دو دن کی بیاہی ہوتی ہیں۔ اور ان کی حالت مثل مذکور ہو جاتی ہے۔ یہی شیطان عفریت عام طور پر میاں بیوی میں کھٹ پٹ کرا دیتے ہیں۔

۳. شیاطین حسین و جمیل عورتوں کو زیادہ ستایا کرتے ہیں۔ یا ایسی

عورتوں کو جن کے ہاں بچہ پیدا نہ ہوا ہو۔ میمون اسود کی پارٹی کے جنات عورتوں پر اس حالت میں اثر انداز ہوتے ہیں۔ جب وہ غسل کر کے اچھے کپڑے پہنتی ہیں۔ اور خوشبو لگا کر چلتی ہیں۔

۴. اور اسی پارٹی کے شیاطین زیادہ حسین عورتوں کو بدکاری کیلئے مجبور کرتے ہیں۔

۵. یہی شیاطین گندمی رنگ کی متوسط قدامت عورت کے پیٹ پر پھونک مار دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے بعض اوقات ان کے پیٹ میں تکلیف وہ نفخ پیدا ہو جاتا ہے۔ یا ان عورتوں کا کھانا پینا چھوٹ جاتا ہے۔ ایسی عورتوں کے جسم کے مختلف حصوں میں کبھی کبھی درد ہونے لگتا ہے۔

۶. کبھی ایسا ہوتا ہے کہ بادل میں اڑنے والے کوئی جن کسی عورت پر اثر انداز ہو کر عورت کی ایذا رسانی کا باعث بنتے ہیں۔ ان تمام اقسام کا ذکر پہلے کر چکا ہوں۔

۷. پانی کے رہنے والے عفریت بعض اوقات عورتوں کے دل و دماغ پر اثر انداز ہو کر اسے پرسکون طریقے سے زندگی گزارنے نہیں دیتے۔ وہ اپنے شوہر سے بیزار ہو کر غیر مردوں کو دوست بنا لیتی ہے۔

۸. کبھی ایسا ہوتا ہے کہ وہ ہاتھوں اور پیروں کو زمین پر مارنے لگتی ہے۔ یا اپنا گلا گھوٹنے لگتی ہے۔ یا بے حیاتی کا کوئی احساس نہیں ہوتا۔ کبھی مریضہ کو غذا سے سخت نفرت ہو جاتی ہے۔

جنات میں بھی مذکر اور مونث ہیں

جنات کی ایک قسم انسان جیسی ہے۔ وہ انسانوں کی طرح مذکر اور مونث ہوتے ہیں۔ آپس میں بیاہ شادی بھی کرتے ہیں۔ اور ان کے اولاد بھی پیدا ہوتی ہے۔

جنّات انسان عورتوں سے بھی مباشرت کرتے ہیں

تفسیر خازن میں حضرت عبداللہ بن عباس کا یہ قول مذکور ہے کہ ان سے کسی شخص نے پوچھا کہ میری عورت سو کر اٹھی تو اس کی شرمگاہ سے آگ نکل رہی تھی۔ فرمایا تیری عورت کے ساتھ جن نے ہمبستری کی ہے۔

جنّ عورت سے مسلمان مرد کا نکاح

حضرت خواجہ حسن بصری سے کسی شخص نے سوال کیا کہ جنّ عورت سے مسلمان مرد کا نکاح جائز ہے یا نہیں؟ فرمایا جائز ہے۔ بشرطیکہ دو گواہوں کے سامنے ایجاب و قبول عمل میں آئے۔ فتاویٰ سراجیہ میں جن اور انسانوں کے باہمی نکاح کو جائز رکھا ہے۔ بعض روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ بعثت نبوی سے پیشتر دیگر انبیاء علیہم السّلام کے زمانہ میں جنات اور انسان کی بیاہ شادی ہوا کرتی تھی۔ چنانچہ حضرت ابوہریرہ کی روایت میں مذکور ہے کہ حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلقیس زوجہ حضرت سلیمان علیہ السّلام کے ماں باپ میں سے ایک جن تھا۔

صاحب حیٰوۃ الحیوان لکھتے ہیں۔ کہ مجھ سے ایک ایماندار حامل قرآن نے بیان کیا تھا کہ میں نے چار جنّ عورتوں سے پے در پے نکاح کیے۔ اسی طرح ایک اور شخص نے مجھ سے بیان کیا کہ میں نے ایک جن عورت سے نکاح کیا ہے۔ تو مجھے اس کی بات پر یقین نہ آیا۔ اور میں نے کہا یہ کیونکر ممکن ہے کہ جسم لطیف اور جسم کثیف یکجا جمع ہوسکیں۔ پھر عرصہ کے بعد وہ شخص مجھے نظر آیا۔ تو اس کے سر پر پٹیاں بندھی ہوئی تھیں۔ لوگوں کے دریافت کرنے پر اس شخص نے بتایا کہ میرا اپنی جن بیوی سے کسی بات پر جھگڑا ہو گیا تھا۔ تو اس نے میرا سر پھاڑ دیا۔ حضرت مولانا

شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی کے حالات میں مذکور ہے کہ ان کے ایک شاگرد طالب علم کے پاس ایک جنّ عورت شب باش ہوا کرتی تھی۔ کچھ دنوں کے بعد جب اس جنّیہ یعنی جنّ عورت نے اس طالب علم کو بہت ہی پریشان کرنا شروع کیا۔ تو اس نے حضرت شاہ صاحب سے واقعہ کا تذکرہ کیا۔ آپ نے طالب علم کو تعویذ عطا فرمایا۔ تب اس جنّیہ کی آمد و رفت اس طالب علم کے پاس سے بند ہوئی

ارواحین عالم سفلی ارواحِ خبیثہ اور بھوت پریت

بعض اوقات حضرت انسان کو جنگلوں، کھنڈراتوں، آندھی طوفانوں، کنارۂ دریا، پرانے عظیم قبرستانوں اور پرانی مرگھٹ مسانوں اور دیگر ایسی جگہوں پر عالم بیداری میں بھیانک اور ہیبت ناک شکلیں نظر آتی ہیں۔ اور کبھی حالتِ خواب میں بھی ایسی اشکال نظرِ انسانی کے سامنے رقصاں ہوتی ہیں۔ یہ اشکال انسان پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ اگر کوئی انجھول دیکھ لے تو ڈر جاتا ہے اور آٹھ دس روز اسے بخار ہی نہیں چھوڑتا۔ بعض کمزور دل آدمی تو مشکل سے ہی زندہ رہ سکتے ہیں۔ بلکہ کئی سالوں تک ان کے لاشعور میں یہی صورتیں رہتی ہیں۔

جنّ اور بھوت پریت میں فرق

جنّ انسانوں کی طرح ایک مخلوق ہیں۔ جیسے آدمی ہیں۔ اور آدمی مرنے کے بعد کسی اخلاقی خرابی یا بد موت یعنی خودکشی یا ناحق قتل وغیرہ کی وجہ سے ارواح بھٹکتی رہتی ہیں۔ ان کو بھوت پریت کہا جاتا ہے۔ مطالعہ فرمائیں ارواحِ خبیثہ کے تیسرے گروہ میں حضرت غوث علی شاہ قلندر قادری کی روایت ۔ بعض اہل علم اصحاب کا کہنا ہے کہ بعض زندگی میں انتھک محنت و کوشش کے بعد بھی اپنے مقاصد

حاصل کرنے میں ناکام رہنے والی ارواح بعد مرنے کے بھٹکتی رہتی ہیں۔ اور عالم سفلی میں انسانوں کو بعض اوقات نظر آتی ہیں۔ محبت میں بری طرح ناکام ہونے والی ارواح کے بارے میں بھی یہی کہا جاتا ہے کہ بعد مرنے کے یہی ارواح عالم سفلی میں دیکھی گئی ہیں۔ عرفِ عام میں ایسی ارواح کو بھول بھٹکتی اور پیاسی ارواح کہا جاتا ہے۔ جو روحیں اکثر ہوا کے اندر رہتی ہیں ان کو بھی بھوت کہا جاتا ہے۔ عام طور پر یہ روحیں ناپاک ہوتی ہیں۔ اس لیئے ان کو بھوت پلید بھی کہتے ہیں۔ ان کا ذکر ہم پلید کے نام سے الگ کریں گے۔ کیونکہ یہ ہوا میں رہتی ہے۔ اس لیئے آزادی سے ہوا ملنے کے باعث زیادہ طاقتور ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے ان کو "ہوائی چیزوں" کے نام سے بھی عام دیہاتوں میں پکارا جاتا ہے۔ اور جو کام انسان سے نہ ہو سکے۔ یہ بآسانی کر سکتی ہیں۔ یعنی مافوق الفطرت کام کر سکتی ہیں۔ ان ارواح کی شکل انسان سے مشابہ مگر خوفناک اور ڈراونی ہے۔ یعنی بڑے بڑے ہاتھ لمبی لمبی ٹانگیں ہوتی ہیں۔ چہرے بڑے ہیبت ناک ہوتے ہیں۔ ان کی عورتوں کے پاؤں عموماً پیچھے کو مڑے ہوئے ہوتے ہیں۔ اور شکل میں بہت لمبے ہوتے ہیں۔ اس لیئے ان کے ہاتھ بھی لمبے لمبے ہوتے ہیں۔ اور ان کے پستانوں کے بارے میں یہ مشہور ہے کہ وہ اتنے لمبے ہوتے ہیں۔ کہ وہ اپنے کندھوں پر سے پیچھے کو کیئے ہوئے یعنی لٹکائے ہوتے ہیں۔ آنکھیں ایسی کہ دیکھنے سے ڈر لگتا ہے۔ اور چہرہ بدنما، سر کے بال بکھرے ہوتے ہوتے ہیں۔ یوں تو ان کی بیشمار اقسام ہیں۔ مگر یہاں چند مشہور اقسام لکھی جاتی ہیں۔

بھوت پریت | کہا جاتا ہے کہ بھوت ایک صورت مشابہ انسان ہیبتناک چوٹی والا ناک میں باتیں کرتا ہے۔

بھوت پلید | اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جب کوئی آدمی نجاست کی حالت یا حاجتِ غسل میں ہلاک ہو جاتے یا خودکشی کرتا ہے تو وہ ایک ہولناک قسم کا وجود اختیار کر لیتا ہے۔

شیاطین | یہ اولادِ ابلیس آتشی لباس میں انسان کی گمراہی پر مسلط ہے شیاطین کا کام دلوں میں طرح طرح کے وسواس ڈالنا اور گندے غلیظ خیال پیدا کرنا ہے۔

جنّات | جنّوں کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ جانوروں اور انسانوں مرد، عورتوں کی شکل وصورت میں ہیں۔ مگر خداوند تعالیٰ نے ان کو شکل تبدیل کرنیکا اختیار دیا ہوا ہے۔ اسلیئے یہ اکثر شکلیں تبدیل کرتے رہتے ہیں۔ ان کی مؤنث قسم عورتوں کی طرح ہوتی ہے۔ جو آپس میں شادی کرتے ہیں۔ اور ان کے اولاد بھی پیدا ہوتی ہے۔ دیو کے بارے کہا جاتا ہے۔ کہ یہ انسانوں کو کھا جاتے ہیں۔ مگر جنّات انسانوں کو نہیں کھاتے۔

دیو | دیو کے بارے میں کہا جاتا ہے۔ کہ یہ عجیب الخلقت بہت بڑا جاندار جسم ہے۔ دیو کے سر پہ دو سینگ اور بدن دیا ؤں ہاتھی جیسے اور پیچھے ایک دُم جانوروں کیطرح جبکہ بازوؤں پہ دو پَر ہوتے ہیں۔ یہ مختلف شکل صورتوں میں پائے جاتے ہیں۔ ان کی مؤنث پری ہوتی ہے۔

موکل | یہ بطور فرشتگان سفلی کے ہیں۔ عمل کے تابع رہتے ہیں۔ عامل کو اکثر ڈراتے رہتے ہیں۔ مگر عمل مکمل ہونے پر عامل کے محکوم بن کر دنیاوی کاموں میں اسکی معاونت کرتے ہیں۔

ہمزاد | اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ہر انسان کے ساتھ شیطان پیدا ہوتا ہے۔ اور وہ مختلف ریاضتوں کے سبب سے اکثر تسخیر اور فرمانبردار

ہو جاتا ہے۔ ایک دنیا ہمزاد کو تسخیر کرنے کے چکر میں ہے. تسخیر ہمزاد کے اعمال کسی اہلِ علم کی زیرِ نگرانی کیئے جائیں تو رجعت کا خوف نہیں ہوتا. بصورت دیگر ہمزاد انسان کا جینا دوبھر کر دیتا ہے۔ ہندی میں اسے چھایا پرش اور عربی میں قرین کہا جاتا ہے۔ اس کا آسیب انسان کو سخت پریشان کرتا ہے. جن پر قرین کا آسیب ہو۔ انہیں مقرون کہا جاتا ہے. عورتوں پر جو اثرات ہوتے ہیں. ان میں سے ایک مقرون بھی ہے۔ یہ عورتیں زمانہ حمل میں بیمار رہتی ہیں. اور عموماً نو ماہ سے پہلے ہی اسقاط ہو جاتا ہے۔ اور بچہ پیدا ہونے کے بعد مر جاتا ہے۔ یا اگر کچھ زندہ رہا تو سوکھ کر یا رنگ بدل کر مر جاتا ہے. ایسے بچے عموماً چالیس دن کے اندر یا سال دو سال میں مر جاتے ہیں. ہندی میں اسے مسان کہتے ہیں. مسان کے معنی ہیں "بڑا بھوت"۔ کہتے ہیں جو نابالغ بچے مر جاتے ہیں یہ ان کا قرین ہوتا ہے. اس وجہ سے نہ تو عامل کے بلانے سے بولتا ہے اور نہ نشان و مقام بتاتا ہے۔ تجربہ ہے کہ جس شخص کا ہمزاد یا قرین بگڑ جائے گا. وہ اس پر اپنا اثر ڈال دے گا. اگر یہ اثر جان لیوا نہ ہو تو مخبوط الحواس کر دیتا ہے. جو آدمی ہمزاد کو تابع کرنے کے عمل کی صورت میں اس مقصد کو ضبط کر لیتے ہیں. مثلاً ایک شخص ہمزاد کا عمل اسلیئے کرتا ہے کہ اس سے روپیہ حاصل کرے. یا ریس ویسٹہ کا نمبر معلوم کرے. تو اگر عمل فیل ہوا۔ تو ہمزاد اس کی آمدن روک دے گا. اور تنگ حال کر دے گا. قرین اور جنات کے اثرات کی علامات مختلف ہوتی ہیں. جنہیں عامل پہچان لیتے ہیں. بعض ہندو عامل قرین کی تسخیر اس طرح کرتے ہیں. جب مردہ جلتا ہے تو پاس بیٹھ کر عمل کرتے ہیں. چار کیل گاڑ کر اور کچا سوت باندھ کر ایک چوکور جگہ بنا لیتے ہیں. عمل پڑھتے ہیں. تو ایک شعلہ چتا سے آکر تار پر چلتا ہے. ساتوں چکر تک عامل ہاتھ مار کر بجھا دیتا ہے۔ اور نیچے جسقدر مٹی ہاتھ

آتی ہے۔ وہ اٹھا کر ڈبیہ میں بند کر لیتا ہے۔ اس میں اس مُردہ کی رُوح قابو آگئی. تو وہ ایک چٹکی جس شخص کو کھلا دیتا ہے. اس پر مسان آجاتا ہے. یہ اثر اس مردہ کے ہمزاد کا ہوتا ہے۔ بعض کا ہمزاد ان کو خبریں دیتا ہے. اکثر قبروں پر جو منتیں مانی جاتی ہیں. وہ بھی صاحب قبر کا ہمزاد انہیں پورا کرتا ہے۔ عورتوں کے حملہ امراض اٹھراہ، اسقاط حمل اور بچوں کے مسان کے علاج کیلئے ہماری کتاب "ردِ سحر"، تسخیر ہمزاد و جنات پریاں کیلئے "مصباح الارواح" طلب فرمائیں۔

ڈائن اس کے بارے میں کہا جاتا ہے. کہ ایک عورت جو چراغ پر سوار بڑے جوش و خروش میں کسی تنہا مقام پر انسان و حیوان کا کلیجہ چٹ کر جاتی ہے۔

موہنی ان کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اگر سانپ کی مادہ قسم بارہ برس تک پانی نہ پیئے. تو وہ ایک انتہائی خوبصورت عورت کا روپ دھار کر انسانوں کو اپنے دام میں پھنساتی ہیں.

پری یہ ایک آتشی مخلوق نہایت حسین و جمیل اور وجیہہ و شکیل بڑی خوبصورت عورت کی صورت ہے۔ اور سب کی سب ہوا میں پرواز کرتی ہیں۔ دونوں بازوؤں کے ساتھ ان کے دو پر ہوتے ہیں۔ جن کو یہ الگ بھی کر سکتی ہیں۔ پریاں نورانی عمل اور سفلی علم کے ذریعے تسخیر بھی ہو جاتی ہے، اور تسخیر کے بعد اکثر اپنے مسخر کردہ کی بیوی بن کر رہنا پسند کرتی ہے. ہم نے اپنی کتاب۔ "مصباح الارواح" میں تسخیر پریان کے چند مستند اعمال درج کر دیئے ہیں. وہاں سے ملاحظہ فرمائیں.

نادان کہا جاتا ہے بعض چھوٹے چھوٹے بچے جو ام الصبیان کے مرض اور آسیب سے مر جاتے ہیں۔ تو مرنے کے بعد ایک ایسی چیز بن جاتے

Ghulam Yaseen

ہیں. کہ جب وہ کسی کے سر پر سوار ہوتے ہیں. تو ان کا اترنا مشکل ہوتا ہے کیونکہ نہ تو وہ کسی عامل کی سنتے ہیں. اور نہ ان کی کوئی سمجھتا ہے.

بلیات ان کے بارے میں کہا گیا ہے کہ یہ بھی ارواحِ خبیثہ ہیں. اور ہر شکل میں نظر آسکتی ہیں. اور ہر قالب میں سما سکتی ہیں. انسان کی دشمن اور ہلاکت کے درپے رہتی ہیں.

چھلاوہ اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ ایک مسخرہ روح ہے. اور انسان کو دھوکہ دے کر اپنا جی خوش کرتی ہے. مگر انسان کو نقصان نہیں پہنچاتی ہے. یہ انسان حیوان کی شکل وصورت اختیار کر لیتی ہے. اور پھر اپنا حجم قد اور وزن مبالغہ کی حد تک بڑھنا شروع کر دیتی ہے. کہ انسان مارے خوف کے ڈر جاتا ہے. چاندنی راتوں میں پیدل سفر کرنے والے صحرا کے مسافر اکثر اس کے دھوکے میں آجاتے ہیں.

بیر یہ بھی شیطان کی اقسام سے ہوتے ہیں. منتر اور سفلی اعمال کے مطیع رہتے ہیں. اسمائے باری تعالیٰ سنتے ہی دور بھاگ جاتے ہیں. اور کلمات کفر دل سے سنتے ہیں. اہل ہنود کے اعمال میں بارہ بیر اور باون جوگن مشہور ہیں.

غول بیابانی غول بیابانی کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ جنگلوں، ویرانوں میں ایک شخص مشعلیں روشن کر کے ہاتھ میں لیے جنگل میں دوڑتا پھرتا رہتا ہے. اور لوگوں کو راستہ سے بہکا دیتا ہے.

شہابیہ اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ایک لشکر ہاتھی، گھوڑوں، اونٹوں وغیرہ کے ہمراہ نمودار ہو کر ریگستانی صحراؤں میں یا پہاڑوں پر خیمہ زن ہوتا نظر آتا ہے. اور جوں جوں قریب جائیں. یہ دور ہوتا چلا جاتا ہے. اور اکثر

مسافر اس دھوکے میں آجاتے ہیں.

شہید اس کو فرض کیا گیا ہے. کہ گردن سے پاؤں تک ایک جسم خون آلود اور سفید پوش ہوتا ہے. اور اس کا سر اس کے ہاتھ میں لٹکتا ہوتا ہے یا آگے آگے الگ چلتا ہے. اگر ایسا منظر انسان کو عالم بیداری میں نظر آئے تو انسان مارے خوف کے ڈر جاتا ہے.

خبیث اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ایک شخص مہیب شکل وصورت کا جس کے منہ میں انگارے اور ناک کے دونوں سوراخوں میں سے چنگاریاں اور سانس کے ساتھ شعلے نکلتے ہیں. اور یہ شخص اندھیری راتوں میں کسی ایسے مقام میں جہاں سخت اندھیرا ہو نظر آتا ہے.

بھینسا کہا جاتا ہے کہ یہ سور کی مانند ایک قوی الجثہ جانور خوفناک صورت میں نظر آتا ہے. جس کے منہ سے سور کی طرح دو بڑے بڑے دانت نکلے ہوتے ہیں.

زچّا زچا کے بارے کہا جاتا ہے کہ اگر کوئی ہندو عورت جو بچہ جننے کے فوراً بعد چلّے کے اندر مر جاتے تو وہ ایک قسم کی ڈائن کا روپ دھار لیتی ہے. اور اکثر شیر خوار بچوں کا کلیجہ چٹ کر جاتی ہے.

چڑیل چڑیلوں کے بارے کہا جاتا ہے. کہ ان کے پاؤں عموماً پیچھے کو مڑے ہوتے ہوتے ہیں. یعنی ایڑیاں سامنے اور پنجے پیچھے کو پھرے ہوتے. اور ان کے پستانوں کے بارے میں یہ مشہور ہے کہ وہ اتنے لمبے ہوتے ہیں کہ وہ اپنے کندھوں پر سے پیچھے کو گئے ہوتے یعنی لٹکتے ہوتے ہیں.

جوگناں یہ بھی ارواحِ خبیثہ کی اقسام میں سے ہوتی ہیں. سفلی علم والے منتروں کے ذریعے ان کو تسخیر کر کے کام بھی لیتے ہیں. جیسا کہ نام سے ظاہر ہے

خوبصورت شکل میں سانپوں سے کھیلتی ہوئی ظاہر ہوتی ہیں۔ اہل ہنود اور سفلی علوم والوں میں بارہ بیر اور باون جوگن کا علاؒ بڑا طاقتور سمجھا جاتا ہے۔

گدھیلیاں اور گدھیلے

گدھیلے اور گدھیلیاں توم جنات اور ارواحِ خبیثہ کے بھنگی ہیں۔ چوڑھری اور چمیاری نام کی چڑیلیں بھی اسی قسم سے تعلق رکھتی ہیں۔ ان کی رہائش گندگی اور گندگی کے ڈھیروں اور ایسی ہی دیگر جگہوں پر ہوتی ہے۔ جب ان کی حاضرات کی جائے تو پورے ماحول میں بدبو پھیل جاتی ہے۔ ان کا آسیب اگر کسی پر مسلط ہو جائے تو اسے بہت خراب کرتا ہے۔ ان کو تسخیر بھی کیا جاتا ہے۔ گدھیلیوں کے عامل بھی اکثر کم ذات چوہڑے چمیار بھنگی ہوتے ہیں۔ اور اکثر خود بھی اپنی مسخر کردہ ارواحِ خبیثہ کی طرح ہر وقت ناپاک اور غلیظ رہتے ہیں۔

ان ارواح کی تسخیر کیوقت یہ لوگ انسانی فضلے کا بخور روشن کرتے ہیں۔ اور پورے ماحول کو بدبودار کرتے ہیں۔ تب ایسی ارواح خوش ہو کر ان کے پاس حاضر ہوتی ہیں۔ پھر یہ گندے لوگ اس لیئے بھی ایسے غلیظ بخور روشن کرتے ہیں۔ کہ پاک ارواح ان سے دور رہیں۔

آج ہم ایک ایسے دور سے گذر رہے ہیں۔ کہ جب روحانی علوم اور صاحب علم دونوں معدوم ہوتے جا رہے ہیں۔ عوام روحانی علوم سے بدظن اور خواص غیر مطمئن نظریہ رکھتے ہیں۔ ایسا کیوں ہے؟ اس لیئے کہ وہ لوگ جو روحانی علوم کی الف بے سے بھی واقف نہ تھے ان شعبدہ بازوں نے روحانی عامل کا لبادہ اوڑھ کر عوام کو خوب لوٹا۔ حصولِ علم کیلیئے تو ایک عمر چاہیئے۔ یہ علوم برسوں اساتذہ کی خدمت اور بڑی محنت کے بعد حاصل ہوتے ہیں۔

بڑی عجیب بات ہے کہ ڈاکٹر اور طبیب حضرات نہ تو آسیبی امراض اور آسیب کے قائل ہیں۔ اور نہ ہی ڈاکٹری اور طب میں اس مرض کا کوئی مقام اور علاج ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے فقیر نے نہ صرف آسیب زدہ ایسے مریضوں کا علاج کیا ہے۔ جن کے علاج سے ڈاکٹرز اور طبیب قاصر تھے۔ بلکہ ایسے ڈاکٹرز اور طبیب حضرات کا بھی علاج کیا۔ جو آسیبی امراض اور آسیب کے قائل ہی نہ تھے۔ آسیبی قوتوں اور ارواح خبیثہ کی کارروائیاں روزِ روشن کیطرح عیاں ہیں۔ یوں تو میرے پاس کافی آسیب زدہ مریضوں کے CASES AND HISTORIES محفوظ ہیں۔ مگر یہاں قومی اخباروں کی اس سلسلہ میں تصدیقات آپ کی نظر ہیں۔

پراسرار آگ

آگ چالیس سال سے وقفہ وقفہ کے ساتھ جاری ہے سکھیکی ـــــ پراسرار طور پر آگ لگنے سے کپڑے اور قیمتی اشیاء جل کر راکھ ہو گئیں۔ موضع جنڈواکہ میں چوہدری محمد اشرف مرحوم کے گھر لوہے کی مقفل الماری میں دھواں اُٹھنا شروع ہوا۔ اور اہل خانہ نے الماری کھولی۔ تو آگ نے الماری کی ہر چیز کو خاکستر کر دیا تھا۔ اس کے ٹھیک ایک گھنٹہ بعد کپڑوں کے ٹرنک میں آگ پراسرار طور پر بھڑک اُٹھی۔ گاؤں کے لوگوں نے بتایا کہ اس گھرانے میں گزشتہ چالیس سال سے وقفہ وقفہ بعد پُراسرار طور پر آگ بھڑکنے کا عمل جاری ہے۔ گھر والوں نے اپنے پرانے مکان سے جہاں یہ وقوعات کئی دفعہ ہو چکے ہیں۔ رہائش تبدیل کر لی۔ اور پرانا مکان اَب متروک ہو چکا ہے۔ اہل خانہ اس طرح پراسرار طور پر آگ بھڑکنے سے پریشان ہیں۔

(۶ اکتوبر ۱۹۹۲ء روزنامہ جنگ لاہور)

گھر میں آگ اٹھتی ہے کھانے میں پیشاب کر دیا جاتا ہے

مالک مکان کا بیان۔ سامان غائب ہو جاتا ہے۔ مکان بدل لینے کے باوجود پُراسرار حالات سے جان نہیں چھوٹی۔ میخن آباد ـــ اگر تم نے مکان خالی نہیں کیا تو گھر والوں سمیت سب کچھ جلا کر بھسم کر دیا جائیگا۔ یہ بات یہاں وارڈ نمبر ۲ کے ایک شخص محمد رفیق نے نمائندہ "خبریں" کو بتائی۔

اس نے بتایا کہ میرے گھر میں غیبی آواز میرے گھر کی دیوار سے آتی ہے۔ اور پھر اچانک گھر کے مختلف حصوں میں آگ بھڑک اٹھتی ہے۔ اور یہ سلسلہ گزشتہ تین ماہ سے جاری ہے۔ بعض اوقات گھر کا سامان غائب کر دیا جاتا ہے۔ بعض اوقات کھانا کھاتے وقت اس میں پیشاب کر دیا جاتا ہے۔ یا ریت ڈال دی جاتی ہے۔ مالک مکان نے بتایا کہ اس نے لوگوں کے کہنے پر گھر بھی بدل لیا۔ مگر یہ سلسلہ وہاں بھی جاری رہا۔ تو دوبارہ اسی مکان میں واپس آ گیا۔ لیکن اس سے جان نہیں چھوٹ سکی۔

(۱۹ اکتوبر ۱۹۹۲ء روزنامہ "خبریں" لاہور)

جنّات کی کارروائی !! گھر کا سارا سامان جل گیا۔

بھلوال ـــ بعض اوقات نہ چاہتے ہوئے بھی جنّات اور آسیب کی کارروائی کو تسلیم کرنا مجبوری بن جاتی ہے۔ گزشتہ روز بھلوال کی نواحی حیات ماموتی میں ایک گھر کا تمام سامان جل گیا۔ حتیٰ کہ صندوقوں میں پڑا ہوا سامان بھی محفوظ نہ رہا۔ بتایا گیا ہے کہ اس گھر کی تیرہ سالہ لڑکی جو کہ آٹھویں جماعت کی طالبہ ہے۔ پر آسیب اور جنّات کا سایہ ہے۔ اور یہ آسیب جب بھی لڑکی پر اثر انداز

ہوتا ہے۔ اسی قسم کی کارروائی سامنے آتی ہے۔ گھر والے اس صورتحال سے سخت پریشان ہیں۔

(۵ اپریل ۱۹۹۲ء روزنامہ جنگ لاہور)

بیوی نے مر کر بھی اپنے شوہر کو چین نہیں لینے دیا

مرنے کے دو سال بعد بیوی نے بھوت بن کر شوہر کو پھر تنگ کرنا شروع کر دیا

نیویارک ـــ فلائڈ آرچر کی بیوی نیلی دو سال قبل فوت ہو گئی تھی۔ تو اس نے سوچا کہ چلو ہر وقت کی بک بک اور تنقید سے نجات مل گئی۔ لیکن فلائڈ کی حیرت کی انتہا نہ رہی۔ جب ایک روز اس کی بیوی کا بھوت اچانک اس کے کمرے میں آ دھمکا۔ اور اس نے پھر پہلے کیطرح فلائڈ میں کیڑے نکالنے شروع کر دیئے۔ اس کی بیوی کے بھوت نے اپنی مسلسل چرب زبانی سے اسکی زندگی کو جہنم بنا دیا۔ ۴۶ سالہ کسان کا کہنا ہے کہ اب اور تب میں کوئی فرق نہیں۔ تاہم میری بیوی کا بھوت میرے کپڑے استری کرتی ہے۔ گھر کی صفائی کرتی ہے۔ اور کھانا بھی پکا کر دیتی ہے۔ لیکن اس کی چڑچڑی باتوں سے میں عذاب میں مبتلا ہو گیا ہوں۔ فلائڈ کا کہنا ہے کہ ایک رات وہ کھانا وغیرہ کھا کر سویا۔ رات کو میز انڈوں کے چھلکوں کافی اور دوسری گندی چیزوں سے اٹا پڑا تھا۔ لیکن جب صبح اٹھا تو گھر بالکل صاف ستھرا تھا۔

(روزنامہ "خبریں" لاہور بدھ ۹ جون ۱۹۹۳ء)

خوبصورت شہر گلگت میں چڑیلوں اور بدروحوں کی یلغار!!

لوگوں نے اس عفریت کے خوف سے گھروں سے نکلنا چھوڑ دیا۔

گلگت — چڑیلوں اور بدروحوں کی یلغار سے گلگت شہر میں لوگوں کا خوف اور ڈر کا احساس شدت اختیار کرنے لگا ہے۔ شام کے بعد لوگوں نے چڑیلوں کے خوف سے گھروں سے نکلنا بند کر دیا ہے۔

ایک تفصیلی سروے کے مطابق گلگت میں کنڑوٹ، اصغری اور نگل کے علاوہ بعض دیگر مقامات پر بھی اس مخلوق سے متعلق شواہد سامنے آئے ہیں۔ علاقے کے مختلف مذہبی ملقوں و دیندار لوگوں کے مطابق اللہ تعالیٰ کی زمین گناہوں اور جبر و ستم کی شدت کا شکار ہے۔ اور اسی نتیجے میں یہ صورتحال سامنے آئی ہے۔

(روزنامہ تبت لاہور ۱۵ ستمبر ۱۹۹۴ء)

باب دوم

تشخیص کے روحانی طریقے

آسیب زدہ اور آسیبی امراض کا علاج معالجہ بچّوں کا کھیل نہیں ہے۔ کسی بھی مرض کے علاج سے قبل تشخیص ضروری ہے۔ اگر تشخیص درست ہے۔ تو علاج سے مریض جلد صحت یاب ہوتا ہے۔ میں نے اکثر لوگوں کو دیکھا ہے۔ کہ جوان بچیوں کو ہسٹریا کے دوروں میں طرح طرح کی دھونیاں دے کر اذیتیں دیتے ہیں۔ ہسٹیریا ایک قابلِ علاج بدنی مرض ہے جس کا علاج بڑی آسانی کے ساتھ کیا جا سکتا ہے۔ مگر ہسٹیریا اور جناتی دورے کی علامات قریب قریب ہوتی ہیں یہاں ہم تشخیص کے طریق درج کر رہے ہیں۔ تاکہ علاج میں آسانی رہے۔ ابتدائی صفحات میں ہم نے اقسام بلحاظ علاج معالجہ کی تفصیل اور ارواحِ خبیثہ کے گروہوں کے بارے میں تفصیل درج کر دی ہے۔ ایک بار پھر گذشتہ صفحات کا بغور مطالعہ فرمائیں۔ یہاں ہم جملہ اقسام کے آسیبی اثرات کی پہچان اور تشخیص کے طریق درج کرتے ہیں۔

آسیبی مریض کی پہچان

۱۔ جو مریض مصروع یعنی بیہوش ہو جاتے۔ اس پر قسم اوّل یعنی اصحاب صرع کا اثر ہوتا ہے۔

۲۔ اگر شادی کے بعد زوجین میں سے کسی کو سات یوم میں مرض لاحق ہو۔

Ghulam Yaseen

یعنی ان کی حالت بھی مثل مذکور ہو جاتی ہے ۔ تو یہ اثر عفریت زوالبح کا ہے ۔

۳۔ اگر کسی عورت کو بچہ جننے کیوقت یا چلہ کے دوران مرض لاحق ہو ۔ تو اثر اصحاب ستر کی قسم سے ہے ۔

۴۔ بعض اوقات جنات کیوجہ سے استحاضہ ہوجاتا ہے ۔ اس کا علاج بھی قسم اول، دوئم اور سوئم کیطرح منگل کے دن ساعت مریخ یا ہفتہ کے روز ساعت مریخ میں کرنا چاہیئے ۔

۵۔ اگر ولادت کے وقت عورت کو تکلیف ہو اور رنگ زرد پیلا ہو جائے اور لاغری و نفخ رہے ۔ تو اثر اولاد میمون ہے ۔

۶ ۔(۱) اگر حسین و جمیل طاقتور عورتوں کو پانی سے اثر آسیب ہو جائے ۔ یعنی غسل کرتے یا کپڑے دھوتے ہوتے ۔ تو یہ شرارت میمون اسود اور اولاد احمر کی ہے ۔ علاج ساعت مشتری میں کریں ۔

(۲) جسم لاغر اور چہرے پر ہر وقت خوف رہے تو بنو دھانی اور بنو البعر کا اثر ہے ۔ علاج منگل کے دن ساعت زحل میں بنا کر دیں ۔ اور اثر گندی جگہ سے ہوا ہے ۔

۷۔ اگر کوئی کنواری دوشیزہ خلاء میں گھورے، بھاگے اور کپڑے پھاڑے یا اتار پھینکنا چاہے ۔ تو اثر آسیب اولاد حارث اور بنو قیشان کا ہے ۔ کنارہ جھیل، ندی، دریا، سمندر یا خوشبودار پودوں سے مرض لگا ہے ۔

۸۔ اگر آسیب زدہ کو بادل یا سردی کیوقت تکلیف زیادہ ہو جاتے ۔ رات کو پریشانی رہے ۔ جسم میں دردیں ہوں ۔ تو اثر قرین کا ہے ۔

۹۔ اگر مریض بوقت دورہ کُتے کیطرح بھونکے ۔ تو ایسے مریض کے علاج کے وقت ہر قسم کے گوشت سے پرہیز کرائیں ۔ اثر بنو طبیر کا ہے ۔ پرانے مکان یا

آثار قدیمہ کے کھنڈرات سے سایہ پڑا ہے ۔

۱۰۔ اگر زوال اور خرابی مقدر بنا رہے ۔ گھر سے وحشت خوف آئے ۔ اور اکثر افراد خانہ بیمار رہیں ۔ تو اثرات آسیبی اولاد میمون اور سباسب کے ہیں ۔

۱۱۔ اگر بوڑھے مرد و زن میں حد سے زیادہ سستی آجائے، منہ، سر، پیٹھ اور پنڈلیوں کا درد اور نظر کی کمی لاحق ہو جائے اور ذہن میں ہر وقت وہم پیدا ہوتے رہیں ۔ تو اتوار کے دن ساعت زحل میں تعویذات تیار کر کے دیں ۔

۱۲۔ اگر مریض کبھی روئے، کبھی ہنسے، کبھی نوحہ کرے ۔ آگ کے قریب دورہ پڑے ۔ دورے میں اپنے آپ یا دوسروں کو مارے ۔ کپڑے پھاڑے تو اثر ناری شیاطین کا ہے ۔ علاج جمعرات یا جمعہ کے دن ساعت مشتری میں تیار کریں ۔

۱۳۔ اگر ناف کا درد، پیاس کی کثرت، اعضائے مخصوصہ میں خارش، ذہن میں ہر وقت خیالات فاسدہ آئیں ۔ مریض تنہائی پسند ہو جائے ۔ یا لباس سے لے پروائی کرے تو اثرات زانی شیاطین کا ہے ۔

۱۴۔ بعض اوقات کوئی کھانے پینے کی چیزیں رات کو کھلی رہ جائیں ۔ اور اس کو کوئی آسیبی مخلوق چھو جائے ۔ تو اس کے کھانے سے آسیبی امراض پیدا ہو جاتے ہیں ۔ علامات یہ ظاہر ہوتی ہیں کہ ذہن میں وہم کا پیدا ہونا ۔ جسم پر کپکپی طاری ہونا، کسی عضو کا بے حس ہو جانا

۱۔ تشخیص مرض

مریض کا کپڑا (قمیض یا سر کا کپڑا) لیکر اس کی پیمائش کریں پھر اس کپڑے پر سورت اخلاص چار دفعہ، درود شریف گیارہ دفعہ، آیت الکرسی ایک دفعہ پڑھ کر دم کریں ۔

اگر کپڑا پہلی پیمائش سے زیادہ ہو جائے ۔ تو مریض پر آسیبی اثرات ہیں ۔

اگر کپڑا پہلی پیمائش سے کم ہو جائے تو مریض پر سحر جادو کا اثر ہے ۔

Ghulam Yaseen

اگر کپڑا پہلی پیمائش کے مطابق رہے تو مرض بدنی ہے۔

۲۔ تشخیص مرض

مریض کے کپڑے پر عورت کا دوپٹہ اور مرد کا سر پر باندھنے والا کپڑا اس مقصد کے لیئے مفید ہے۔ قمیص پر بھی عمل کیا جا سکتا ہے۔ پیمائش کرنے کے بعد کپڑے پر پہلے الحمد شریف سات بار، پھر آیت الکرسی سات بار، پھر سورت کافرون سات بار اور آخر میں آخری تینوں قل سات، سات بار پڑھ کر دم کریں۔

اگر کپڑا بڑھ جائے تو اثر جنات یا ارواح خبیثہ کا ہے۔

اگر کپڑا کم ہو جاتے تو اثر جادو کا ہے۔

اگر بدستور رہے۔ تو مرض جسمانی ہے۔

۳۔ تشخیص مرض

ایک کوری ٹھیکری لے کر اس پر ساعت عطارد میں یہ طلسمی الفاظ سیاہ روشنائی سے تحریر کریں۔ اور بیمار کے بدن پر ملیں۔ جسم کے ہر حصے پر ٹھیکری کو ملیں۔ پھر اسے آگ میں ڈال دیں۔ سرخ ہونے پر نکال لیں۔

اگر حروف سیاہ رہیں تو مرض بدنی ہے۔ ادویات سے علاج کریں۔

اگر حروف سفید ہو جائیں تو یہ مرض مریض کی موت کا سبب بنے گا۔

اگر حروف سرخ ہو جائیں تو مریض گفتار زدہ ہے۔

اگر حروف غائب ہو جائیں تو مرض آسیبی ہے۔ اثر ارواح خبیثہ کا ہے۔

طلسمی الفاظ یہ ہیں۔ طلیقول مصلحتۃ۔

۴۔ تشخیص مرض

چینی لے کر اس پر گیارہ بار آیت الکرسی پڑھ کر دم کریں۔ اور مریض کو کھلائیں۔ اگر ذائقہ کڑوا محسوس ہو تو آسیب کا اثر ہے۔

۵۔ تشخیص مرض

مریض کو اپنے سامنے بٹھا کر اس پر اوّل درود شریف ایکبار، پھر سورۃ فاتحہ بوصل میم بسم اللہ سات دفعہ آخر میں ایک بار درود شریف پڑھ کر دم کریں۔

اگر مریض کے بدن پر بوجھ سا محسوس ہو یا مریض جھوم اٹھے تو آسیب کا اثر ہے،

اگر مریض کا جسم ہلکا محسوس ہو تو سحر جادو کا اثر ہے۔

اگر ان دونوں علامتوں میں سے کوئی بھی ظاہر نہ ہو تو مرض جسمانی ہے۔

۶۔ بیماری معلوم کرنا

ایک ٹکڑا سفال گلی آب نارسیدہ لے کر اس پر سیاہ روشنائی سے ذیل کے طلسمات تحریر کریں طلسمات یہ ہیں۔

معلہم طسلمقعو ۹
ال ۲۲۱۳۱۱ اطاع مں للارہا

لکھ کر آگ میں ڈال دیں پھر مریض کے سر سے سات مرتبہ اتار کریں۔ پھر ایکبار پورے جسم پر

۱۔ اگر حروف سفید ہو جائیں تو مریض پر جادو کا اثر عظیم ہے۔

۲۔ اگر حروف سرخ ہو جائیں تو مریض پر جوگی اور جوگناں کا آسیب ہے۔

۳۔ اگر حروف غائب ہو جائیں تو آسیب دیو اور پری کا ہے۔

۴۔ اگر حروف سیاہ ہی رہیں تو بیماری بدنی ہے۔

۵۔ اگر حروف زرد ہو جائیں تو یہ بیماری موت کا سبب ہے۔

۷۔ تشخیص مرض کیلئے:

مریض کا رومال یا اسکی قمیض لی جائے گی۔ اور اس کے ایک طرف میں گرہیں ڈال دی جائیں گی۔ اور قیاس کر لی جائیں گی۔ یعنی ناپ لیا جائیگا۔ تین انگلیوں سے پھر اس پر دم کیا جاتے گا۔

Ghulam Yaseen

اَقْشٍ اَقُشٍ مَقَشٍ مَقُشٍ شَقَمُوشٍ شَقَمُوشٍ عَجَلِيخٍ
عَجَلِيخٍ اَنْزِلْ يَا اَبَا نُوخٍ وَاَنْتَ يَا مَيْمُوْنُ وَاَنْتُمْ يَا خُدَّامُ
هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ عَلٰى هٰذَا الْاَثَرِ وَابْتَغُوْا اِلٰى مَا بِصَاحِبِهٖ فَاِنْ
كَانَ مِنَ الْاِنْسِ فَطُوْبُوْهُ وَاِنْ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَقَصِرُوْهُ وَاِنْ كَانَ
مِنَ اللّٰهِ فَاَبْقُوْهُ عَلٰى حَالِهٖ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ الشَّرِيْفَةِ عَلَيْكُمْ
وَطَاعَتِهٖ لَدَيْكُمْ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْعَجَلِ الْعَجَلِ السَّاعَةِ
السَّاعَةِ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ ٥

تمام عزیمت کو تین بار پڑھ کر دم کریں۔

۱۔ اگر دوبارہ ناپنے میں کپڑا لمبا ہو جائے۔ تو مرض کسی انسان کیطرف سے ہے۔ یعنی کسی مرد عورت نے سحر جادو یا تعویزات کے ذریعے نقصان پہنچایا ہے۔

۲۔ اور اگر دوبارہ ناپنے سے کپڑا چھوٹا ہو جائے۔ تو یہ اثر جنات و شیاطین کا ہے۔

۳۔ اور اگر دوبارہ ناپنے سے برابر رہے تو یہ مرض بدنی ہے۔ علاج کیا جائے

۸۔ بیمار کی حالت معلوم کرنے کیلئے اس طلسم کو سفال نو آب نارسیدہ پر لکھ کر آگ میں ڈال دیں۔ جب وہ سرخ ہو جائے۔ تو اسے نکال کر مریض کی حالت معلوم کریں۔

۱۔ اس طرح کہ اگر اس کے حروف ثابت رہیں۔ اور سیاہ ہو جائیں۔ تو مریض کو مرض بدنی ہے۔ علاج جسمانی سے شفا ہو گی۔

۲۔ اور اگر زرد ہو جائیں تو پری کے سایہ سے ہو گا۔

۳۔ اور اگر غائب ہو جائیں۔ تو یہ جن بھوت کا سایہ ہے۔

طلسم یہ ہے

ـــــلــــ ۳۱۱ ۵ د ع ح و ع ہبت ۱۲ ھـــ ۳ ـــــہ

فلاں بن فلاں

۹۔ برائے امتحان آسیب مریض کے ہاتھ پر اس نقش کو لکھ کر اسے دکھائیں اور رنگ معلوم کریں۔ اگر سرخ بتائے تو آسیب ہے ورنہ مرض بدنی ہے۔

س	ص	ط	ع	ی
ص	ط	ع	ی	س
ط	ع	ی	س	ص
ی	س	ص	ط	ع

بزرگان دین ضلع بہاولنگر

اللہ کے ولیوں کے حالات پڑھنے سے ایمان تازہ ہو جاتا ہے۔ کتاب "بزرگان دین ضلع بہاولنگر" خاندان بنو عباس کے نامور سپوت جناب ابو الممتاز ارشاد احمد خان عباسی کی شب و روز محنت و کاوش کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

موصوف نے اس کتاب میں ضلع بہاولنگر کے بزرگوں کے حالات یکجا کیئے ہیں۔ اور ساتھ ساتھ سلاسل تصوف کے متعلق بھی وضاحتاً تحریر کیا ہے۔ یہ ایمان افروز کتاب ہے۔ جس کا ہر اہل علم اور اہل ذوق اولیائے کرام سے محبت کرنے والے گھرانے میں ہونا با برکت ہے۔ آج ہی ایک خط لکھ کر طلب فرمائیں۔

قیمت =/55 روپے، ڈاک خرچ =/25 روپے۔

ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان رجسٹرڈ

محلہ اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ

باب سوم

آسیبی قوتوں سے نجات کے طریق

① جب کوئی مرد یا عورت آسیب کے اثر سے بیہوش ہو جائے۔ خواہ بڑی عمر والے ہوں یا بچے۔ تو مریض کی دونوں آنکھوں کے اوپر پیشانی پر یہ آیت تحریر کریں۔

اَفَمَنْ کَانَ مُؤْمِنًا کَمَنْ کَانَ فَاسِقًا ؕ لَا یَسْتَوٗنَ ۝ اَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰی نُزُلًا ۝

(سورۃ سجدہ آیت ۱۸-۱۹ پ۲۱)

اور مریض کے دائیں ہاتھ میں خاتم سلیمانی دیں۔ اسے خاتم بخش تنطنخ بھی کہتے ہیں۔ جو یہ ہے۔

پھر نیلے فتیلے پر اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِیْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ؕ وَاِنْ یَّسْتَغِیْثُوْا یُغَاثُوْا بِمَآءٍ کَالْمُهْلِ یَشْوِی الْوُجُوْهَ ؕ

(سورۃ الکہف آیت ۲۹۔ پ۱۵)

تین بار لکھ کر قطران میں ڈبو دیں۔ پھر مریض کی ناک کے نزدیک لائیں مریض گر جائیگا۔ اور سورۃ جن پڑھ کر دم کریں۔ پس آسیب اپنا حال ظاہر کر دے گا۔ سورت جن پڑھتے وقت تفاح الجن کا بخور روشن کریں۔ آسیب زدہ کیلئے ایک حجاب مخمس میں۔ خاتم سلیمانی مع آیت الکرسی اور معوذتین لکھ کر تیار کریں۔ مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ اور سات یوم سوتے وقت مریض بخور مذکورہ روشن کرے۔ بحکم خداوند تعالیٰ کبھی دوبارہ آسیب ضرر نہ پہنچائے گا۔

② یہ نئی نویلی دلہنوں کو شادی کے پہلے ہفتہ سے پہلے سال کے عرصہ میں اکثر ستاتے ہیں۔ اور یہ شرارت اصحاب صرع کی عفاریت زوابع کیطرف سے ہوتی ہے۔ یہی عفریت میاں بیوی میں ناچاکی پیدا کراتی ہیں۔

اس کا علاج یہ ہے کہ خاتم سلیمانی اور خاتم غزالی ایک برتن میں لکھ کر پانی سے دھو کر اس میں تیل ملا کر مریضہ کے بدن پر مالش کروائیں۔ ایک ہفتہ تک ایسا کریں۔ اور ہر روز طلوع شمس سے پہلے لوبان روشن کریں۔

③ اصحاب صرع کی شیاطین عفاریت جو عورت کو مرد سے ہمبستر نہیں ہونے دیتے۔ اور یہ بہت سرکش سخت خبّات ہیں جو کبھی تو عورت پر آخر ماہ، کبھی وسط ماہ اور کبھی شروع ماہ میں اثر انداز ہوتے ہیں۔ اور اکثر ان عورتوں کو تنگ کرتے ہیں۔ جو حسین و جمیل ہوتی ہیں۔ ان میں سے اکثر بانجھ پر بھی آتے ہیں۔

④ میمون اسود۔ احمر کے خدام ابیض کے لشکر کے جنات عورتوں پر اس وقت آتے ہیں جب وہ آراستہ ہوتی ہیں۔ یا خوشبو لگاتی ہیں۔ یا اپنے

جسم کو مل کر غسل کرتی ہیں. یا کپڑے دھوتی ہیں.

علاج :- خواتم سلیمانیہ عورت کے ہاتھ میں تحریر کریں۔ یعنی جو آسیب زدہ ہے. اور اسکی پیشانی پر آیت الکرسی یا آیت الکرسی کا نقش حرفی یا عددی تحریر کریں. پھر مریضہ کے بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے پاس والی انگلی کو بند کر کے عزیمت دھروشیہ پڑھتے رہیں. یہاں تک کہ اس کا آسیب آپ سے گفتگو کرے. جب کلام کرے. تو اس سے معلوم کریں کہ وہ کس قسم کا عارض ہے. یعنی دن کے عوارض میں سے ہے. پس اگر وہ رات والوں میں سے ہے تو اس کو رات تک چھوڑ دیں. اور اگر دن والوں سے ہے تو اس کا علاج دن میں ہی کریں. کیونکہ دن والوں پر اثر اور غلبہ دن ہی میں ہو سکتا ہے. اور رات والوں پر رات کو۔ ایسے آسیب زدہ کو خاتم سلیمانی کی شکل حرز بنا کر دیں. تاکہ وہ اپنے گلے میں لٹکائے۔ پس وہ مسلم یا غیر مسلم جنات میں سے ظاہر ہو نہ ہو۔ بغیر اس عمل کے وہ جل نہیں سکتا.

اسی پارٹی کے شیاطین خوبصورت عورتوں کے پیشاب پاخانہ کے مقام پر اثر ڈالتے ہیں. اس کا علاج حسبِ سابق کریں. البتہ اس کے تیل میں کچھ گلاب اور سنبل ضرور شامل کرنا چاہیں. اور عزیمت دھروشیہ کے بعد ان آیات کا اضافہ کریں.

وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِإِذْنِ رَبِّهِ ۖ وَمَنْ يَزِغْ مِنْهُمْ عَنْ أَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيرِ ۝ يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَاءُ مِنْ مَحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُورٍ رَاسِيَاتٍ ۚ اعْمَلُوا آلَ دَاوُودَ شُكْرًا ۚ وَقَلِيلٌ مِنْ عِبَادِيَ الشَّكُورُ (سورۃ سبا ۱۲، ۱۳ پ ۲۲)

(۵) یہی شیاطین ملیح القدر اور میانہ بدن والی عورتوں کے سینہ پر اثر کرتے

ہیں. جس سے کبھی ان کا پیٹ پھول جاتا ہے. اور اگر پھولتا نہیں. تو کبھی اس کو کھانے سے روکتا ہے. عورت کے اعضاء کو بیکار کر دیتے ہیں. کبھی ہاتھوں اور پاؤں پر اثرات ڈالتے ہیں اسکا علاج بھی حسبِ سابق کریں. مگر اس پر عزیمت کے بعد ان آیات کی تلاوت و کتابت کا اضافہ کریں. آیات یہ ہیں.

وَإِذْ صَرَفْنَا إِلَيْكَ نَفَرًا مِنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُونَ الْقُرْآنَ فَلَمَّا حَضَرُوهُ قَالُوا أَنْصِتُوا ۖ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا إِلَىٰ قَوْمِهِمْ مُنْذِرِينَ ۝ قَالُوا يَا قَوْمَنَا إِنَّا سَمِعْنَا كِتَابًا أُنْزِلَ مِنْ بَعْدِ مُوسَىٰ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ وَإِلَىٰ طَرِيقٍ مُسْتَقِيمٍ ۝ يَا قَوْمَنَا أَجِيبُوا دَاعِيَ اللَّهِ وَآمِنُوا بِهِ يَغْفِرْ لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ وَمَنْ لَا يُجِبْ دَاعِيَ اللَّهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْأَرْضِ وَلَيْسَ لَهُ مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءُ ۚ أُولَٰئِكَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ۝

(سورۃ الاحقاف ۲۹ تا ۳۲ پ ۲۶)

(۶) بادلوں اور ہواؤں میں اڑنے والے جنات بعض اوقات عورتوں پر اثر انداز ہو کر انہیں بیہوش کر دیتے ہیں. ان کا آسیبی مریض بیہوش ہو جاتا ہے. اور کسی کی بات کا جواب نہیں دیتا.

پس ایسے مریض کے علاج کے اوقات تبدیل کریں۔ یعنی طلوع شمس یا غروب شمس دوپہر یا رات کو علاج کریں. اور علاج میں عزیمت دھروشیہ میں سورہ طارق کا اضافہ کریں.

(۷) پانی کے رہنے والے عفاریت یعنی اولادِ احمر عورتوں کے سر یا ان کی شرمگاہ پر اثر کرتے ہیں جسکی وجہ سے وہ اپنے خاوند کیساتھ ہمبستری کو پسند نہیں کرتی خاوند کے مجبور کرنے پر جھگڑا کرتی ہیں. اور غیر مردوں کو دوست بنا کر ان سے

اپنی خواہش پوری کراتی ہیں۔ اس کا علاج بھی حسبِ سابق کریں۔ البتہ عزیمت
میں سورت مزمّل کا اضافہ کریں۔ اور بدن پر لگانے والے تیل میں ریحان کا اضافہ
کریں۔ اور بخور عشبہ:

(۸) اس گروہ کے شیاطین عورتوں کو تلاش کر کے ان کا گلا گھونٹتے ہیں۔ ان
کے آسیب کی وجہ سے عورت اپنے ہاتھ پاؤں پٹخنے لگتی ہے۔ اور کبھی اپنے کپڑے اتار
پھینکتی ہے۔ اور برہنہ ہو کر خوش ہوتی ہے۔ یا اپنے ہاتھوں سے سر کے بال
نوچتی ہے۔ ایسی مریضہ کو بے حیائی کا احساس نہیں ہوتا۔

اس کا علاج حسبِ سابق کریں مگر عزیمت دھروشیہ پڑھتے وقت
عورت کی چوٹی پکڑ کر عہد لیں اور عزیمت کے ساتھ اس کا اضافہ کر کے پڑھیں۔
آیت یہ ہے۔

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۙ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً
وَّاَصِيْلًا ۝ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ
مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ (سورۃ الاحزاب ۴۱ تا ۴۳ پ۲۲)

(۹) اس گروہ کے عفریت جب کسی عورت پر آتے ہیں۔ تو وہ سوا پانی کے
اور کچھ نہیں کھاتی۔ اور کبھی پانی بھی نہیں پیتی۔ اور بعض عاملین نے کہا ہے کہ پانی
بکثرت پیتی ہے۔ یہ آسیب جب آتا ہے۔ تو آدھے دن سے بھی زیادہ دیر
تک رہتا ہے۔ اور کبھی کبھی پورا دن یا پوری رات رہتا ہے۔ مریض کا جسم
لکڑی کی طرح ہو جاتا ہے۔ یہ آسیب کبھی کبھی ایک سال تک رہتا ہے۔ اس کا
علاج بھی طریقۂ مذکورہ کے مطابق ہے۔ مگر مریض غسل کے پانی میں ریحان۔ گلاب
اور بالچھڑ ڈال کر اس سے غسل کرے۔ اور عزیمت شروع کرے۔ اور آخر میں
پوری سورۃ ملک کی تلاوت کریں۔ آسیب تمام حالات بتلاتے گا۔

پس آسیب کی شرائط کے مطابق علاج کرو۔ اگر آسیب کے کہنے کے مطابق
علاج نہ کیا جائے۔ تو آسیب مریض کو ایک سال کے اندر ختم کر دیتا ہے۔

(۱۰) اولادِ احمر یعنی پانیوں کے عفریت جن عورتوں پر آتے ہیں۔ ان پر ایک
برس سے بھی زیادہ رہتے ہیں۔ اور کبھی عورتوں کے اندرونی جسم میں داخل ہو
کر اس میں تغیر و تبدیل کر دیتے ہیں۔ اور کبھی وہ اپنی اصلی حالت پر بدستور رہتی
ہیں۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ گویا ان کو کوئی بیماری ہی نہیں مگر وہ بیمار
ہوتی ہیں۔

اس کا علاج عزیمت سلیمانی خاتم سلیمانی اسمائے قمر سے کریں۔

(۱۱) اصحاب ستر سے بنو القماقم کے جنات جو چشموں اور بلند پہاڑوں پر
رہنے والے ہوتے ہیں۔ عورتوں پر اس غرض سے آتے ہیں۔ کہ ان کو چھپا
سکیں۔ یا انہیں ان کے خاوندوں سے الگ کر سکیں۔ اس کا علاج بھی گزشتہ
علاج کے مطابق کریں۔ لیکن حجاب میں سورۃ فاتحہ اور سورۃ بقرہ کی آخری آیات
تحریر کریں۔ اور عمل کے وقت عورت پر لٹکائیں۔ بعدہٗ گلے میں ڈالیں۔

(۱۲) اولادِ ابیض کے عفاریت جب کسی مرد، عورت، بچے یا بوڑھے پر
آسیبی اثرات ڈالیں۔ تو اس کی عقل کام چھوڑ دیتی ہے۔ یعنی اس عفریت کا
اثر انسانی دماغ پر ہوتا ہے۔ ایسے مریض کا علاج اس طرح کریں کہ سورۃ جن
تحریر کر کے پلاؤ۔ چالیس یوم تک مریض کو ترک حیوانات کراؤ۔

(۱۳) اولاد میمون چھوٹے بچوں کے سروں پر دو برس سے پہلے آتے ہیں۔
پس ایسے آسیبی بچے دو برس سے زیادہ عمر نہیں پاتے۔ اور بیمار ہو کر
مرجاتے ہیں۔

علاج یہ ہے کہ عزیمت دھروشیہ سرخ تانبے کے برتن میں لکھ کر

Ghulam Yaseen

پلاؤ۔ اور سورت ملک لکھ کر اس کے گلے میں لبطور حجاب ڈال دیں۔

(۱۴) بنو النعمان جو پرانے اور خالی ویران گھروں کے رہنے والے ہوتے ہیں۔ اکثر جوان کنواری لڑکیوں پر آسیبی اثر ڈال کر ان کی عقل کو بعض وقت بیکار کر دیتے ہیں۔ ایسی لڑکیاں یا عورتیں سوتے میں چونک پڑتی ہیں۔ ایسی آسیبی مریضہ مردوں سے ہنسی مذاق اور ان کے پاس بیٹھنے کو پسند کرتی ہیں۔ یہی جنات انہیں جنسی بے راہ روی کی طرف مائل کرتے ہیں۔ ان کے علاج کے لیے عزیمت دعائے ارحم الراحمین کے بعد سورت الرحمٰن پڑھو۔ اور سورت سجدہ یا اس کا نقش تحریر کر کے اس کے گلے میں ڈالیں۔ اور برتن میں خاتم سلیمانی و خاتم غزالی تحریر کر کے اسے پلاؤ۔ اور انار کی لکڑی پر اسمائے قمر تحریر کر کے عورت کے پیٹ پر مارو۔

(۱۵) مزابلہ یہ وہ جنات ہیں جو گندی جگہ اور کوڑے کرکٹ کے رہنے والے ہوتے ہیں۔ پیدائش کے وقت عورتوں پر آتے ہیں تو بعض کے تو خون ایسا جاری ہوتا ہے کہ بند ہونے نہیں پاتا۔ اس کا علاج منگل کے روز یا ہفتہ کے دن ساعت مریخ میں خاتم سلیمانی سے کرو۔ یعنی لکھ کر پلاؤ۔ وہ عورت فوراً اچھی ہو جائے گی۔

(۱۶)۔ اس گروہ میں اہل زوابع اور بنو قیشان جو اولاد حارث سے ہیں۔ یہ بھی عورت پر پیدائش کے وقت آتے ہیں۔ جس کی وجہ سے عورت بیمار رہنے لگتی ہے۔ رنگ زرد اور بدن دن بدن دبلا پتلا ہو جاتا ہے۔ یہ جنات کبھی عورت کے پیٹ میں ضرب پہنچاتے ہیں۔ تو اس میں تکلیف ہوتی ہے۔ اس کا علاج اتوار کے دن ساعت شمس میں کریں۔ یعنی عزیمت الرحم الراحمین مریضہ کے گلے میں ڈال دیں۔ یہی عزیمت لکھ کر دھو کر پلائی جائے۔

(۱۷) بنو قیشان یہ بھی اولاد حارث سے ہیں۔ خوبصورت عورتوں پر غسل کرتے وقت یا پانی کے کنارے سیر کے وقت آتے ہیں۔ عورتوں کی خوبصورتی کے دشمن ہیں۔ عورت کی شکل و صورت بدل دیتے ہیں۔ تاکہ انہیں کوئی مرد پسند نہ کرے۔ اس کا علاج جمعرات کے دن ساعت مشتری میں کریں۔ آرام ہو جائیگا۔ اور اگر اس کی صورت بدل جائے تو علاج ہفتہ کے دن ساعت زحل میں کریں۔ یعنی دعائے مرجانہ لکھ کر گلے میں ڈال دی جائے۔ یہی دعا لکھ کر پلائی جائے

(۱۸) بنو دھان جو مزابلہ جنات ہی کی قسم سے ہیں۔ جو ویران کنوؤں اور گندگی کے قریب رہنے والے ہوتے ہیں۔ ان میں اکثر زانی اور عشاق بھی ہوتے ہیں۔ کنواری لڑکیوں کے سروں پر آتے ہیں۔ جس کے باعث وہ پاخانہ کیطرف بھاگتی ہیں۔ اور اپنے کپڑے پھاڑنے کا ارادہ کرتی ہیں۔ اور بعض اوقات کپڑوں سے بے نیاز ہو جاتی ہیں۔ اس کا علاج سوموار کے دن کریں۔ اور بدھ کی رات یعنی غروب آفتاب کے بعد کریں۔ اور کرتے رہیں......

(۱۹) اس گروہ کے جنات مردوں پر غسل کرتے وقت آکر ان کے جسم میں سرایت کر جاتے ہیں۔ اور ان کے جوڑوں میں درد پیدا کرتے ہیں۔ اور بدن میں طرح طرح کی تکلیف پیدا کرتے ہیں۔ ان کا علاج اتوار کے دن زوال کے وقت یا جمعہ کی رات میں کیا جائے۔ عزیمت الرحم الرحمین۔ لکھ کر گلے میں ڈالی جائے۔ اور دعائے مرجانہ لکھ کر پلائی جائے۔ اور عزیمت سلیمانی دم کی جائے۔

(۲۰) اس گروہ کے جنات آدمیوں کی جلد میں اثر کرتے ہیں۔ یہ بوڑھی عورتوں اور بوڑھے مردوں اور ادھیڑ عمر کے آدمیوں پر آتے ہیں۔ ان کے آسیبی مریض کا بدن ٹھنڈا پڑ جاتا ہے۔ یہ آسیب اکثر رات کو آتا ہے۔ آسیب زدہ کے بدن میں چیونٹیوں کے کاٹنے کی طرح آگ سی لگتی ہے۔ پیٹ پھول جاتا ہے۔

اور درد خوب ہوتا ہے۔ کبھی دل میں، کبھی جوڑوں میں، کبھی پشت میں اور کبھی بازوؤں میں ہوتا ہے۔ اس کا علاج حسبِ سابق کرو۔ یعنی دعائے مرجانہ اور عزیمت سے۔

(۲۱) اس گروہ کے عفاریت جب کسی عورت پر آتے ہیں۔ تو وہ روتی زیادہ ہے۔ اور کھانا کم کھاتی ہے۔ اور بعض دفعہ سوتی نہیں۔ اگر کسی مرد پر یہ آسیب ہو تو بھی ایسے ہی حالات ہوتے ہیں۔ اس کا علاج بھی حسب سابق کریں یعنی عزیمت ارحم الراحمین اور دعائے مرجانہ سے۔

(۲۲) یہ شیاطین جب کسی عورت پر آتے ہیں۔ تو وہ کتے کی طرح بھونکتی ہے۔ اور گوشت سے دور بھاگتی ہے۔ اس کا علاج بھی مذکورہ طریق سے کریں۔ مگر تنکار کا بخور ضرور روشن کریں۔

(۲۳) یہ اولادِ میمون سے ہیں۔ جب کسی مرد یا عورت پر آتے ہیں۔ تو اس کی عقل اور تندرستی کو دور کر دیتے ہیں۔ ان کا آسیب زدہ اکثر بیمار رہتا ہے۔ جو ادویات شروع میں فائدہ کرتی ہیں۔ بعد میں وہی ذرا بھر فائدہ نہیں دیتیں۔ اس کے علاج میں حرز کے اندر خاتم فتح فخمت اور خاتم غزالی تحریر کرنی چاہیئے۔ اور پینے کے لیئے عزیمت ارحم الراحمین دیں۔

(۲۴) یہ حاملہ عورتوں پر آکر ان کے زچہ خانہ کو خراب کر دیتے ہیں۔ اور خون کثرت سے خارج ہوتا ہے۔ صحت خراب اور رنگت زرد ہو جاتا ہے۔ اس کا علاج ہفتہ کے دن ساعت زحل میں یا بدھ کے دن کریں۔ اور بخور مصطگی کا روشن کریں۔ اور خاتم سلیمانی لکھ کر پلائیں۔ اور عزیمت ارحم الراحمین کا حرز گلے میں ڈال دیں۔

(۲۵) اکثر بوڑھی عورتوں پر آکر ان کے دل پشت، سر اور پنڈلیوں میں درد پیدا کرتے ہیں۔ بعض علماء نے کہا ہے کہ آنکھوں پر اثر کرتے ہیں۔ جس سے ان

Ghulam Yaseen

کی بینائی کم ہو جاتی ہے۔ اس کا علاج اتوار کے دن پانچویں ساعت یعنی زحل میں کریں۔ عزیمت سلیمانی سے۔

